باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 23 جون 2026ء | 7 محرم 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 83

dailybalochistanobserver@gmail.com

سیکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، سرفراز بگٹی

9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کر لیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سیکیورٹی آرڈرز بھی جاری کر دیے گئے ہیں

صوبے کے 11 اضلاع کو انتہائی حساس جبکہ 6 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جہاں سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت محرم الحرام کے دوران امن وامان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی سمیت دیگر انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس کو محکمہ داخلہ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران قیام امن کیلئے کیے گئے انتظامات اور سیکیورٹی پلان پر جامع بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کرلیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سیکیورٹی آرڈرز بھی جاری کر دیے گئے ہیں صوبے کے 11 اضلاع کو انتہائی حساس جبکہ 6 اضلاع کو (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا پہلا اجلاس

آئندہ مالی سال سے بی ایس سی اے تمام مالی وانتظامی امور میں خودمختار ہوگا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا پہلا اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں وزیر (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

امریکا ایران معاہدے میں فیلڈ مارشل کے عزم ولگن کے بغیر پیشرفت ممکن نہیں تھی، وزیراعظم

پاکستان پرامن اور دیرپا حل کیلئے ڈائیلاگ اور سفارت کاری میں اپنا مخلصانہ کردار جاری رکھے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکا ایران معاہدے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا عزم اور انتھک لگن قابلِ تعریف ہے جس کے بغیر کوئی پیش رفت ممکن نہیں تھی، الحمدللہ ! اسلام آباد ایم او یو کے تحت پہلا اعلیٰ سطح کا اجلاس کامیابی سے ختم ہوا، (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان سفارت کاری کے فروغ میں اپنا دیانتدارانہ اور مخلصانہ کردار ادا کرتا رہے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امریکا اور ایران کی قیادت کو تعمیری روابط کے تسلسل (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا آج پاکستان کے مختصر دورے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا (آج) منگل کو پاکستان کے مختصر دورے کا امکان ہے۔ سفارتی (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

سوئٹزرلینڈ: زیورخ، وزیراعظم شہباز شریف امریکہ ایران مذاکرات کے بعد وطن واپس روانہ ہونے کے موقع پر حکام الوداع کررہے ہیں

کیمپس کے بجلی نظام کو جدید انرجی پر منتقل کرنے سے آپریشنل اخراجات کم ہونگے، جعفر مندوخیل

گورنر مندوخیل نے بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس، یونیورسٹی آف لورالائی اور میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی میں سولر انرجی کے منصوبوں میں جاپان کی دلچسپی پر بھی شکریہ ادا کیا

گورنر بلوچستان کی کراچی میں جاپان کے قائمقام قونصل جنرل سے ملاقات، تعلیم، سولر انرجی آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور جدید ٹیکنالوجی میں نئے مواقع فراہم کرنے پر تبادلہ خیال

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے سندھ کے دارالحکومت کراچی میں جاپان کے قائمقام قونصل جنرل (Takahiro Mr. Tamura) سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور جاپان کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، خطے کی تازہ ترین سیاسی معاشی صورتحال اور نوجوانوں کیلئے تعلیم، سولر انرجی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور جدید ٹیکنالوجی میں نئے مواقع فراہم کرنے پر (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ایران امریکہ مذاکرات کا پہلا دور مکمل، اڑھائی روز میں حتمی معاہدے کے روڈ میپ پر اتفاق

پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات میں پیشرفت، ایران کو کچھ منجمد اثاثے جاری، ناکہ بندی بھی اٹھالی گئی، ایرانی وزیرخارجہ، مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام پر اتفاق کیا ہے جو ثالثی کے عمل کیلئے سیاسی نگرانی فراہم کرے گی، اعلامیہ

سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہوگیا ہے، اگر ایران کی قیادت علاقائی عدم استحکام کا باعث بننا اور نیوکلیئر پروگرام چھوڑ دے تو پھر امریکا ایران کیساتھ نئے سرے سے تعلقات بنائیگا، جے ڈی وینس

برگن اسٹاک /اسلام آباد /تہران /واشنگٹن (این این آئی) ایران اور امریکہ کے اعلی حکام کے درمیان مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہوگیا اور فریقین کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات رواں ہفتے برگن ساخ میں جاری رہیں گے۔ معاہدے میں ثالث کا کردار ادا کرنے والے قطر اور پاکستان نے چند گھنٹے قبل مشترکہ اعلامیہ میں کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے فریم ورک کے تحت اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے پہلے اجلاس کا اختتام سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں ہوا، جس میں ایران اور امریکہ کے درمیان ثالث کا کردار ادا کرنے والے دوممالک قطر اور پاکستان کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اعلامیے کے مطابق سربراہی اجلاس ایک مثبت اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا، جبکہ مزید تکنیکی مذاکرات کیلئے ایک طریقہ کار کے قیام سمیت حوصلہ افزا پیش رفت ہوئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز کو باقاعدہ طور پر کھول دیا گیا ہے، جے ڈی وینس

ایران نے ایٹمی توانائی ایجنسی کے معائنہ کاروں کی دوبارہ تعیناتی پر اتفاق کرلیا

برگن اسٹاک (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں اچھی پیشرفت ہوئی ہے اور ایران نے ایٹمی توانائی ایجنسی کے معائنہ کاروں کو واپس بلانے پر اتفاق کرلیا ہے، آبنائے ہرمز کو باقاعدہ طور پر کھول دیا گیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے امریکی نائب صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں اچھی پیشرفت ہوئی ہے

دفتر خارجہ کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے دورہ پاکستان کی تصدیق

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت، توانائی، سرحدی تعاون اور عوامی روابط پر تفصیلی بات چیت ہوگی، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان (آج) منگل 23 جون کو پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر ایرانی صدر اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچیں گے۔ ترجمان کے مطابق مسعود پزشکیان صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقاتیں کریں گے، ایرانی صدر کی نائب وزیراعظم، چیئرمین سینیٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی سے بھی ملاقاتیں ہوں گی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی محرم الحرام کے دوران قیام امن سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسرائیل امریکہ ایران معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہا ہے، خواجہ آصف

پاکستان میں دہشتگردی کیلئے بھارت دہشتگردوں کو اسلحہ فراہم کررہا ہے، دہشتگردی کیخلاف ہمیں کوئی نہ کوئی حتمی فیصلہ کرنا پڑے گا،

اسرائیل نے خود یا بھارت کیساتھ مل کر پاکستان کیخلاف جارحیت کی تو اسی شدت کیساتھ جواب دیا جائیگا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیردفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اسرائیل نے خود یا بھارت کیساتھ مل کر پاکستان کیخلاف کوئی جارحیت کی تو اسی شدت کے ساتھ جواب دیا جائیگا، پاکستان اپنے دفاع کا حق استعمال کریگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا مجھے اس بات کا علم نہیں کہ حالیہ جنگ کے دوران اسرائیل ایران پر وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں سے حملہ کرنے والا تھا لیکن (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

عوام کو سستی، معیاری اشیاء کی فراہمی ترجیح ہے، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پنجاب میں کسانوں کو سبسڈی پر ٹریکٹرز فراہم کیے جا رہے ہیں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ بجٹ میں زرعی شعبے کیلئے خطیر رقم رکھی گئی ہے، حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کررہی ہے

امریکہ نے ایرانی تیل کی پیداوار، ترسیل اور فروخت کیلئے 60 دن کا عارضی لائسنس جاری کردیا

ایرانی تیل اور پیٹروکیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں معطل کردی گئی ہیں، بحری ناکہ بندی ختم ہوگئی ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے ایرانی تیل کی پیداوار، ترسیل اور فروخت کیلئے 60 دن کا عارضی لائسنس جاری کر دیا۔ امریکی محکمہ خزانہ نے ایک اجازت نامہ جاری (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور عوامی فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے پلاننگ کمیشن کو تجویز

دستیاب وسائل کو انفرادی ہاؤسنگ یونٹس کے بجائے کمیونٹی انفراسٹرکچر کے اجتماعی منصوبوں پر خرچ کیا جائے

کوئٹہ/ اسلام آباد (خ ن) حکومت بلوچستان نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور عوامی فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے پلاننگ کمیشن آف پاکستان کو تجویز پیش کی ہے کہ بلوچستان کے سیلاب زدہ اضلاع کیلئے مختص باقی ماندہ دستیاب وسائل کو انفرادی ہاؤسنگ یونٹس کے بجائے کمیونٹی انفراسٹرکچر کے اجتماعی منصوبوں پر خرچ کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر اتفاق، آبنائے ہرمز میں جہاز رانی میں اضافہ ہوگیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر اتفاق کے بعد آبنائے ہرمز میں جہاز رانی میں اضافہ ہوگیا۔ انٹرنیشنل میری ٹائم انفارمیشن سینٹر کے مطابق دو بڑے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ایران، امریکا مفاہمتی یادداشت کا مقصد جنگ کا خاتمہ، مذاکرات کا آغاز ہے، قطر

پاکستان کے تعاون سے مذاکراتی عمل کو تحفظ فراہم کرنے اور اسے مزید مضبوط بنانے کیلئے فریم ورک قائم کیا گیا، شیخ محمد بن عبدالرحمٰن

دوحہ (این این آئی) قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی نے کہا ہے کہ ایران، امریکا کے مفاہمتی یادداشت کا مقصد جنگ کا خاتمہ اور مذاکرات کا آغاز ہے۔ دوحہ میں عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے قطری وزیراعظم نے کہا کہ مفاہمت کی یادداشت سے ہم جنگ بندی پر پہنچ گئے

حکومت بلوچستان کا کفایت شعاری اقدامات ختم کرنے کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے پیٹرولیم مصنوعات کی بچت کیلئے نافذ کیے گئے کفایت شعاری اقدامات کو فوری طور پر ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ سروسز (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

عوامی مسائل کے حل کیلئے سیاسی قیادت کے میان قریبی رابطہ اور مشاورت ناگزیر ہے، عبدالقادر

موجودہ حالات میں بلوچستان کی ترقی، سیاسی استحکام اور عوامی مسائل کے مؤثر حل کیلئے سیاسی قیادت کے درمیان قریبی رابطہ اور مشاورت ناگزیر ہے

بلوچستان کی جغرافیائی اور تزویراتی اہمیت کے پیش نظر سیاسی استحکام، مؤثر حکمرانی اور ترقیاتی عمل کا تسلسل انتہائی ضروری ہے، چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے پیر کو کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں سابق چیئرمین سینیٹ اور رکن بلوچستان اسمبلی میر صادق سنجرانی، صوبائی وزراء نوابزادہ طارق مگسی، میر ضیاء لانگو، آغا عمر احمد زئی اور رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

شبیر بلوچ شہید کے خون کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت بلوچستان شہید شبیر بلوچ کے قاتلوں کو سزا ملنے پر ان کے اہلِ خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دو سالہ قانونی جدوجہد کے بعد بالآخر بلوچستان کے فرزند، شہید شبیر بلوچ، کو انصاف مل گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی سائٹ "ایکس" پر اپنے ایک بیان میں کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گوادر میں دوران ڈیوٹی بی وائے سی کے مشتعل مظاہرین نے ماہ رنگ لانگو کی قیادت میں شہید شبیر (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کے 33.70 ارب روپے کے تین مطالبات زر کی منظوری

اپوزیشن کی کٹوتی کی تحاریک مسترد، ہمارا زرعی شعبہ ملکی معیشت کو مختصر مدت میں زیادہ فائدہ دے سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی 112 تحاریک کو مسترد کرتے ہوئے وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کے 33.70 ارب روپے کے تین مطالبات زر کی منظوری دیدی۔ پیر کو قومی اسمبلی میں کٹوتی کی تحاریک پر بحث کو سمیٹتے ہوئے وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے زرعی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور قطر کی کوششوں سے لبنان جنگ کے خاتمہ میں بڑی پیشرفت ہوئی، ایرانی وزیرخارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے دفتر خارجہ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے کراچی میں جاپان کے قائمقام قونصل جنرل Mr Takahiro Tamura ملاقات کررہے ہیں

حلقے کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، علی مدد جتک

عوام کا اعتماد اور محبت ان کا قیمتی سرمایہ ہے، جس کی بدولت وہ دن رات عوامی خدمت کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر حلقہ انتخاب کے معززین، عمائدین، دوست احباب اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عوامی مسائل، علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کی عوام دوست (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

قطر کے راس لفان ایل این جی کمپلیکس میں دھماکا، پاکستانی شہریوں سمیت 13 افراد جاں بحق

دوحہ (این این آئی) قطر کے راس لفان ایل این جی کمپلیکس میں دھماکے کے نتیجے میں 13 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ یہ دھماکا اس وقت پیش آیا جب مارچ میں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

ایرانی کرنسی کی قدر میں 100 گنا اضافہ، پاکستانیوں نے 5 روز میں 3 کھرب ریال خرید لیے

گزشتہ 5 روز کے دوران متوسط طبقے کی جانب سے ایرانی ریال کی خریداری میں بہت زیادہ اضافہ دیکھا جارہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ایران اور امریکا کے درمیان 60 روزہ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

تربت، مزدوروں کو سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، اسلحہ چھین کر فرار

سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا، جبکہ حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے ڈھنک کے قریب مزدوروں کو سیکیورٹی فراہم کرنے پر مامور بی سی ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کردیا۔ ذرائع (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

ن لیگی قیادت ملک و قوم کی خدمت کے جذبے کے تحت سرگرم ہے، نسیم الرحمن

موجودہ حکومت ملک کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

موجودہ معاشی حالات میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی بلوچستان نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کو عوام کیلئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت کو سراہا ہے۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور پیٹرول وڈیزل کی قیمتوں میں کمی اسی عوام دوست پالیسی کا تسلسل ہے۔ اس فیصلے سے نہ صرف عام شہریوں بلکہ ٹرانسپورٹ، زراعت اور کاروباری شعبے کو بھی واضح فائدہ پہنچے گا۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن خان (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

دکی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) دکی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن ملبے تلے دب کر جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

پنکی کراچی کی ہو یا لاہور کی جو غلط کام کریگا اسے نہیں چھوڑیں گے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیرمملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پنکی کراچی کی ہو یا لاہور کی جو غلط کام کریگا اسے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادرخان اور آئی جی پولیس محمد طاہر خان ملاقات کررہے ہیں

ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ کو ایف سی اہلکار کے قتل اور دہشتگردی کے مقدمے میں دو دو مرتبہ عمر قید کی سزا

دونوں ملزمان بی وائی سی کے غیر قانونی اجتماع میں فعال شرکت انسداد دہشتگردی کی دفعہ 6 کے تحت دہشتگردی کی تعریف میں آتی ہے، عدالت کا فیصلہ

ملزمان کو دفاع کیلئے سرکاری وکیل مقرر کیا گیا تاہم ملزمان نے سرکاری وکیل سے بھی مشاورت نہیں کی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کی سربراہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور تنظیم کے رہنما صبغت اللہ عرف شاہ جی کو جولائی 2024 میں گوادر میں احتجاج کے دوران ایک ایف سی اہلکار کے قتل اور دہشت گردی کے مقدمے میں دو دو مرتبہ عمر قید کی سزا سنادی، پیر کو انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نمبر ایک کوئٹہ کے جج محمد علی مبین نے سنائے گئے فیصلے میں دونوں (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق سینیٹر اور سابق رکن قومی اسمبلی ثناء اللہ بلوچ ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کی ترقی واستحکام قومی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سیدال ناصر

جمہوری اقدار کے فروغ، قومی یکجہتی کے استحکام اور مساوی ترقی کے ذریعے بلوچستان کو درپیش چیلنجز پر قابو پایا جا سکتا ہے

بلوچستان کی ترقی، سیاسی ہم آہنگی اور عوامی فلاح کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق سینیٹر اور سابق رکن قومی اسمبلی ثناء اللہ بلوچ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، ترقیاتی ترجیحات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کو درپیش چیلنجز، صوبے کی سماجی واقتصادی ترقی (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

بارڈر بندش نے لاکھوں خاندانوں کے چولہے ٹھنڈے کردیئے، مولانا عبدالواسع

صوبے کے بنیادی سیاسی، معاشی اور قومی مسائل کو سنجیدگی سے حل کرنے کے بجائے مسلسل نظرانداز کیا گیا، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے مشترکہ صوبائی پریس ریلیز میں بلوچستان (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

حکومت کی تبدیلی سے متعلق خبریں قیاس آرائیاں ہیں، طارق فضل چودھری

وفاقی بجٹ 24 جون کو منظور ہوگا، اتحادیوں سے بات ہوگئی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

مخدوش حالات، قومی اسمبلی کشمیر کمیٹی نے محمود اچکزئی کو ملاقات کی دعوت دیدی

کشمیر کے حقِ خودارادیت کے موقف کو مضبوط بنانے کیلئے مشاورت کی تجویز دی گئی

کشمیر کی صورتحال اور حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا جائیگا، ہیومن رائٹس کونسل کشمیر کے وفد کی بھی اچکزئی سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی کشمیر کمیٹی نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو ملاقات کی دعوت دے دی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کو خط لکھ دیا جس میں ان سے کشمیر ایشو پر قومی سطح پر مشاورت کیلئے ملاقات کی درخواست کی گئی ہے۔ خط میں کشمیر کی موجودہ صورتحال اور سفارتی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کی تجویز دی گئی (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

حکومت کیساتھ مذاکرات کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہو رہی، بیرسٹر گوہر

سیاست میں کارکردگی پر مقابلہ ہونا چاہیے جیلوں میں ڈالنے پر نہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت کیساتھ کسی بھی فورم پر مذاکرات کے حوالے سے فی الحال کوئی بات نہیں ہو رہی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وزیراعظم کی مذاکرات کی دعوت کو ویلکم کیا ہے، حکومت کیساتھ کسی بھی فورم پر مذاکرات کے حوالے سے فی الحال کوئی بات نہیں ہو رہی، مذاکرات بڑا ہی سنجیدہ عمل ہے اس کیلئے کہیں بیٹھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو ذاتی انا سے نکل کر کچھ کرنا ہوگا

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے علاقے کے معتبرین اور مختلف مکاتب فکر کے لوگ ملاقات کررہے ہیں

کالعدم تنظیموں کے مبینہ سہولت کار ساجد احمد کو جرم ثابت ہونے پر 21 سال 5 ماہ قید کی سزا

دہشت گردی اور تخریبی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق جاری رہیں گی

تربت (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت تربت نے کالعدم تنظیموں کے مبینہ سہولت کار ساجد احمد کو مختلف مقدمات میں جرم ثابت ہونے پر مجموعی طور پر 21 سال 5 ماہ قید کی سزا سنادی ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ملزم ساجد احمد کو انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے تحت 14 سال قید کی سزا سنائی گئی، جبکہ بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت بھی قصوروار قرار دیتے ہوئے مزید 7 سال قید اور جرمانے کی سزا عائد کی گئی۔ عدالت نے جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

امریکہ ایران مذاکرات کا باقاعدہ آغاز خوش آئند ہے

امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی میں اتوار کو سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کا باقاعدہ آغاز ہوگیا وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امید ہے کہ جب واپس جائیں تو ہمارے پاس معاہدے کی زبردست دستاویز ہو۔ اتوار کو قطر کی جانب سے باضابطہ اعلان کیا گیا کہ سوئٹزرلینڈ میں امریکا ایران بات چیت کا آغاز ہوا ہے۔ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی بصیرت افروز اور نہایت متحرک قیادت کے باعث یہ اجلاس ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہماری بہت مفید گفتگو ہوگی اور امید کرتا ہوں کہ یہ آنے والے وقت میں نہایت نتیجہ خیز پیش رفت کا باعث بنے گی۔۔ انہوں نے کہا کہ اس سارے عمل کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار بھی قابلِ تحسین ہے جنھوں نے اس کیلئے انتھک محنت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ جب ہم واپس جائیں تو ہمارے پاس ایک معاہدے کی زبردست دستاویز ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر دنیا میں اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ امریکی صدر جے ڈی وینس نے مذاکرات کیلئے فعال کردار ادا کیا، امریکا اور ایران میں ایسے نتیجہ خیز مذاکرات کے منتظر ہیں جو مثبت نتائج لائیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایک بار پھر پاکستان کے وزیرِ اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ اس سارے معاملے میں ان دونوں شخصیات کا کردار بہت شاندار رہا ہے۔ جے ڈی وینس نے پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ایک بہترین سپہ سالار قرار دیا ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ عاصم منیر اگرچہ ایک عسکری قائد ہیں لیکن انھوں نے دکھایا ہے کہ وہ بہترین سفارتکار بھی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر شروع دن سے ہمارے ساتھ ہیں اور پاکستان کا مثبت کردار دنیا بھر میں سراہا گیا ہے۔ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر میرے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے انتہائی قریبی دوست ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور امریکا کے دیرینہ تعلقات اور سیکیورٹی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ ہم مستقبل کیلئے مزید بہتر کام کرنا چاہتے ہیں، امن کیلئے ایران کے مثبت کردار کے خواہاں ہیں جب سے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اسلام آباد میں میرا استقبال کیا ہے اس کے بعد سے میں از راہ مذاق یہ بات کرتا رہا ہوں کہ میری زندگی میں 2 اہم ترین شخصیات میں سے ایک بھارتی ہے اور ایک پاکستانی، بھارتی شخصیت تو میری اہلیہ ہیں جبکہ پاکستانی شخصیت فیلڈ مارشل عاصم منیر ہیں۔ مشرق وسطی میں امن کا قیام ہماری ترجیح ہے، لبنان کی صورتحال پر تشویش ہے، امریکی صدر لبنان میں کشیدگی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہیں۔ صدر ٹرمپ نے ہمیں متعدد مسائل کے حل کیلئے سفارتی راستہ تلاش کرنے کا اختیار دیا ہے۔

ایران امریکہ مذاکرات میں پاکستان کی ثالثی کردار

بین الاقوامی سیاست میں ایسے مواقع کم ہی آتے ہیں جب کوئی ملک متحارب یا ایک دوسرے کے سخت مخالف ممالک کے درمیان اعتماد سازی، مذاکرات اور مفاہمت کا ذریعہ بنے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ مذاکرات کے سلسلے میں پاکستان کا کردار اسی نوعیت کی ایک اہم سفارتی کامیابی کے طور پر سامنے آیا ہے۔ پاکستان نے نہ صرف ایک ذمہ دار ریاست ہونے کا ثبوت دیا بلکہ یہ بھی ثابت کیا کہ وہ خطے میں امن، استحکام اور مذاکرات کے فروغ کیلئے ایک مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایران اور امریکہ کے تعلقات گزشتہ کئی دہائیوں سے کشیدگی، عدم اعتماد اور مختلف تنازعات کا شکار رہے ہیں۔ ان دونوں ممالک کے درمیان اختلافات نے نہ صرف مشرقِ وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کے امن، معیشت اور سیاسی استحکام کو متاثر کیا۔ ایسے حالات میں جب جنگ اور تصادم کے خطرات بڑھ رہے تھے پاکستان نے ایک متوازن اور دانشمندانہ سفارتی پالیسی اختیار کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان رابطوں اور مذاکرات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ایک نمایاں خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس نے ہمیشہ تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات، مفاہمت اور سفارت کاری کو ترجیح دی ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ پیش رفت میں بھی پاکستان نے یہی اصول اپنایا۔ پاکستانی قیادت نے دونوں ممالک کے

ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جس میں اختلافات کے باوجود بات چیت کا عمل جاری رہ سکے۔ پاکستان کی میزبانی اور ثالثی کی سب سے بڑی کامیابی یہ رہی کہ اس نے دونوں فریقوں کے درمیان اعتماد سازی میں معاونت فراہم کی۔ ایسے وقت میں جب دنیا کے کئی طاقتور ممالک اس مسئلے کے حل میں مؤثر کردار ادا کرنے میں ناکام نظر آرہے تھے پاکستان نے خاموش مگر نتیجہ خیز سفارت کاری کے ذریعے خود کو ایک قابل اعتماد ثالث کے طور پر منوایا۔ اس کردار نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار اور سفارتی اہمیت میں اضافہ کیا۔ پاکستان کی اس کامیابی کے پیچھے اس کی متوازن خارجہ پالیسی، علاقائی معاملات سے گہری واقفیت اور مسلم دنیا میں اس کا مقام بھی شامل ہے۔ ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے جبکہ امریکہ کے ساتھ بھی پاکستان کے سفارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ اسی وجہ سے پاکستان دونوں ممالک کیلئے ایک ایسا پل ثابت ہوا جس کے ذریعے مذاکرات اور پیغام رسانی کا عمل ممکن ہو سکا۔ اس ثالثی کردار کے مثبت اثرات صرف ایران اور امریکہ تک محدود نہیں ہیں بلکہ اس سے پورے خطے کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اگر دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں کمی آتی ہے تو مشرقِ وسطیٰ میں امن واستحکام کے امکانات بڑھیں گے، عالمی توانائی کی منڈیوں میں بہتری آئے گی اور اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ اس طرح پاکستان کی سفارتی کوششیں عالمی امن کیلئے بھی ایک اہم خدمت شمار ہوں گی۔ پاکستان کی اس کامیاب سفارت کاری نے ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کیا ہے کہ عالمی تنازعات کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ مذاکرات، برداشت اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ پاکستان نے ایک ذمہ دار اور امن پسند ریاست کے طور پر دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ اختلافات کتنے ہی گہرے کیوں نہ ہوں، اگر نیک نیتی اور سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں تو مسائل کے حل کی راہیں ضرور نکل سکتی ہیں۔ پاکستان اپنی اس سفارتی کامیابی کو مزید مستحکم کرے اور مستقبل میں بھی علاقائی اور عالمی امن کے فروغ کیلئے اسی طرح فعال کردار ادا کرتا رہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کی میزبانی اور ثالثی یقیناً اس کی خارجہ پالیسی کا ایک روشن باب ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ یہ کردار نہ صرف پاکستان کی سفارتی بصیرت کا مظہر ہے بلکہ اس کے امن پسند تشخص کو بھی دنیا کے سامنے اجاگر کرتا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ پاکستان آئندہ بھی عالمی امن، استحکام اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ میں اسی طرح مثبت اور تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

☆☆☆☆

مولوکن، ہالینڈ تم سے شرمندہ ہے

ہالینڈ کے وزیراعظم راب جیٹن نے 21 جون 2026ء کو ایک شاندار اور یادگار تقریب میں مولوکن افراد سے معافی مانگ لی ہے۔ بہت سے قارئین کو تاریخ کے صفحات میں گم اس حقیقت کا انکشاف اس معافی سے ہی ہوا ہوگا۔ اس معافی کا پس منظر شاید چند لوگوں کو ہی معلوم ہوگا، کہ آخر ہالینڈ کے شہر روٹرڈیم کی بندرگاہ لائڈ کاڈے پر ایک یادگار 'الوکورا' کا افتتاح کرتے ہوئے مولوکن سے معافی کیوں طلب کی گئی۔ یہ 75 سال بعد اس دھوکے کی معافی تھی، جو ہالینڈ نے مولوکن کو 1951ء میں دیا تھا۔

ہالینڈ 1600ء سے 1949ء تک انڈونیشیا اور اس کے اردگرد قائم جزائر پر قابض رہا ہے۔ اس دوران چند جزائر پر مشتمل مولوکو بھی ہالینڈ کی اس نوآبادیاتی راج کے ماتحت رہا۔ دوسری جنگ عظیم کے اختتام کے بعد سال 1945ء میں انڈونیشیا نے ہالینڈ سے اپنی آزادی کے لئے ایک مسلح جدوجہد کا آغاز کیا۔ 1945ء سے 1949ء تک جاری رہنے والی انڈونیشیا کی اس آزادی کی جنگ میں مولوکن جزائر کے افراد نے ہالینڈ کی حکومت کے وعدوں پر بھروسہ کرتے ہوئے، ہالینڈ کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا۔ ہالینڈ کے اس وقت کے وزیراعظم ولیم ڈریس نے ان افراد کو یہ یقین دہانی کروائی تھی کہ ہالینڈ کبھی مولوکن کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔ اسی وعدے کے بھروسے پر 3500 مولوکن فوجیوں نے اس جنگ میں ہالینڈ کا ساتھ دیا، اور انڈونیشیا کی آزادی فوج کے خلاف لڑے۔

ہالینڈ یہ جنگ 1949ء میں ہار گیا۔ انڈونیشیا آزاد ریاست کے طور پر وجود میں آ

گیا، لیکن مولوکو نے انڈونیشیا کے زیر سرپرستی آنے سے انکار کرتے ہوئے اپنی خودمختاری کا اعلان کر دیا۔ جس کو 'جمہوریہ جنوبی مولوکو' کا نام دیا گیا۔ انڈونیشیا نے نہ صرف اس حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا، بلکہ تمام مولوکو جزائر پر قبضہ کر کے انہیں انڈونیشیا میں ضم کرنے کا اعلان کر دیا۔

ان حالات میں وہ مولوکن فوجی جنہوں نے ہالینڈ کا ساتھ دیا تھا، ان کی زندگیوں کو شدید خطرات لاحق ہو گئے۔ ہالینڈ جب ان فوجیوں کی بابت انڈونیشیا سے کوئی رعایت نہیں منوا سکا، تو 1951ء میں ایک قانون پاس کیا گیا، جس کے تحت ان مولوکن فوجیوں کو مع ان کے اہل خانہ ہالینڈ فوج میں بھرتی کے لئے ہالینڈ بلا لیا گیا۔ یہ کل 12500 افراد تھے۔ جن کو یہ یقین دہانی کروائی گئی تھی، کہ ان کا ہالینڈ میں یہ قیام صرف ایک عارضی قیام ہے۔ جلد ہی ان کی آزاد ریاست قائم کروا کر ان کو ان کے ملک واپس بھجوا دیا جائے گا۔

یہ 12500 افراد جیسے ہی ہالینڈ کے ساحل پر اترے۔ ان کو تاریخ کی ایک بڑی وعدہ خلافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان تمام افراد کو نا صرف ہالینڈ کی فوج سے فوری طور پر برطرف کر دیا گیا، بلکہ ہالینڈ میں قائم وہ نازی کیمپ جو جرمن جنگ عظیم دوئم کے دوران استعمال کر رہے تھے، ان افراد کو ان بدنام زمانہ کیمپوں ووخٹ اور ویسٹر برک میں بدترین حالات میں رکھ کر ہالینڈ کے عام معاشرے سے الگ کر دیا گیا۔ ان مولوکن افراد پر ہالینڈ معاشرے میں عام افراد میں ضم ہونے کی پابندی تھی۔ روزگار کے بالکل کوئی مواقع نہیں تھے، اور ووٹ ڈالنے پر بھی پابندی تھی۔ ان کو تمام بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا۔ ایک وعدہ جس پر بھروسہ کر کے یہ افراد ہالینڈ آئے تھے، کبھی پورا نہ ہوسکا۔

وقت گزرنے کے ساتھ جب ان کی دوسری نسل ہالینڈ میں جوان ہونے لگی، تو انہوں نے اپنے بنیادی حقوق کے لئے آواز اٹھانا شروع کیں۔ حقوق نہ ملنے پر ان میں سے چند افراد نے مسلح جدوجہد کا سہارا لیا۔ اسی لئے ہالینڈ میں 1970ء کی دہائی اسی خونی جدوجہد کے طور پر یاد کی جاتی ہے۔ 1975ء اور 1977ء میں ٹرینوں کو اغوا کرنا اور اسکول میں بچوں کو یرغمال بنانا اسی مسلح جدوجہد کے سلسلے کی کڑیاں تھیں۔ جن کا اختتام ہالینڈ کمانڈوز کے خونی آپریشنز پر ہوا۔ کئی مولوکن نوجوان مارے گئے، جس سے دونوں اطراف نفرت میں اضافہ ہوا۔ مسلح جدوجہد سے معاشرے میں ان کے لئے بڑھتی نفرت کو محسوس کرتے ہوئے مولوکن نے صرف سیاسی جدوجہد کو اپنا شعار بنا لیا۔

مولوکن نے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے۔ وقت گزرنے کیساتھ ساتھ اب ہالینڈ میں مولوکن کی تعداد 70000 سے تجاوز کر چکی ہے۔ 75 سال میں ان کی چوتھی نسل جوان ہو چکی ہے۔ ہالینڈ کو اس سیاسی جدوجہد کی بدولت اپنی غلطی کا اندازہ ہو چکا ہے۔ اس لئے 21 جون 2026ء کو روٹرڈیم کی اسی لائڈ کاڈے بندرگاہ پر جہاں پہلا بحری جہاز مولوکن کے اجداد کو لے کر لنگر انداز ہوا تھا۔ وزیراعظم راب جیٹن نے قومی یادگار 'الوکورا' کا افتتاح کرتے ہوئے، ہالینڈ کی تمام وعدہ خلافیوں پر غیر مشروط سرکاری معافی مانگ لی ہے۔ ان تمام مظالم پر جن میں مولوکن کی دل شکن برطرفی، بدترین رہائش، بے روزگاری، اور ان کے افراد کے مرنے سے ہوئی تکالیف پر باضابطہ معافی مانگ لی گئی ہے۔

امید ہے یہاں سے ہالینڈ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ دلوں میں موجود نفرت کا خاتمہ ہوگا۔ مولوکن کو ہالینڈ میں ان کا جائز حق دیا جائے گا، تاکہ ان کی 75 سال کی تکالیف کا ازالہ کیا جا سکے۔ یہ ایک دیر آئد درست آئد فیصلہ ہے۔ یہاں سے ماضی کے واقعات کو دفن کر کے ایک نئے دور کا آغاز کیا جائے۔

مولوکن، ہالینڈ تم سے شرمندہ ہے۔

معاشی غربت

ملک میں معاشی طور پر غربت کا ایک ایسا حیران کن اور انوکھا پیمانہ مقرر کیا گیا ہے جس نے عوام کو حیرت، اور بے بسی میں مبتلا کر دیا ہے۔ کیونکہ اس پیمانے کے مطابق جو شخص ماہانہ 8500 روپے کماتا ہے، وہ خطِ غربت سے اوپر شمار ہوگا، جبکہ اس

تحریر خاکسار تبسم

سے کم آمدنی رکھنے والا غریب کہلائے گا۔ گویا اس نئی پالیسی کے تحت سات کروڑ غریب اب کاغذوں میں ''امیر'' بن چکے ہیں اور بقول ان کے جنھوں نے پیمانہ مقرر کیا ہے کہ اس سے غربت کا خاتمہ ہوگا۔ یہ شاید دنیا کی واحد ایسی معیشت ہوگی جہاں غربت ختم کرنے کیلئے عوام کی زندگی بہتر نہیں بنائی جاتی بلکہ غربت کا معیار ہی نیچے گرا دیا جاتا ہے۔ اس بھیانک مذاق کے ذریعے نہ صرف غربت کا مذاق اڑایا گیا ہے بلکہ کروڑوں سفید پوش خاندانوں کی مشکلات کو بھی نظر انداز کر دیا گیا ہے مگر یہ کھیل آج کا نہیں بلکہ گزشتہ (78) برسوں سے جاری ہے۔ ہر دور میں عوام کو نان ایشوز میں الجھا کر اصل مسائل سے توجہ ہٹائی گئی، نتیجہ یہ نکلا کہ امیر امیر تر ہوتا گیا اور غریب غریب تر ہوتا گیا۔ اگر واقعی 8500 روپے ماہانہ آمدنی رکھنے والا شخص غریب نہیں تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مراعات یافتہ طبقہ کا اس رقم میں سے ایک مہینہ کا گزارا اور شاہی خرچ کیا ہوگا اگر نہیں، تو پھر غریب عوام کیلئے یہی معیار (پیمانہ) کیوں مقرر کیا جا رہا ہے ایک مہنگائی کی شرح میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں، دودھ، بجلی، گیس اور ادویات کی قیمتیں عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں۔ ایک مزدور صرف آٹا خریدے تو بھی ماہانہ خرچ 8500 روپے سے تجاوز کر جاتا ہے۔ بچوں کی تعلیم، علاج، کرایہ، بجلی، گیس اور دیگر ضروریات زندگی تو اس کے بعد آتی ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شاید مراعات یافتہ طبقہ سمجھتا ہے کہ غریب آدمی کو زندہ رہنے کیلئے صرف سانس کافی ہے۔ اگر یہی معیارِ زندگی ہے تو پھر ان کو چاہیے کہ وہ مراعات یافتہ طبقہ کی بھی 8500 روپے پیمانہ مقرر کر دے اور ان کی شاہانہ مراعات ختم کی جائیں، تب شاید انہیں اندازہ ہو کہ غربت کیا ہوتی ہے۔ جہاں وہ خود کو عوام کا خادم سمجھتے تھے، اب بدقسمتی سے انھوں نے غربت کو اعداد و شمار کا کھیل بنا دیا ہے۔ کاغذوں میں غربت کم ہوسکتی ہے، مگر حقیقت میں بھوک، بے روزگاری اور محرومی بڑھتی جارہی ہے۔ عوام کے خالی برتن، بجھے چولہے اور فاقہ زدہ بچے ان کی دعوؤں کی اصل حقیقت بیان کر رہے ہیں۔ غربت کوئی مذاق نہیں، بلکہ عوام کی تلخ حقیقت ہے۔ جب تک مراعات یافتہ طبقہ خود کو عوام کے برابر نہیں لاتا، اس وقت تک نہ غربت ختم ہوگی، نہ مہنگائی کم ہوگی، اور نہ ہی عوام کے دلوں میں ان پر اعتماد بحال ہوگا۔

☆☆☆

پاکستان کا نیا معاہدہ

پاکستان اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں مایوسی اور امید، دونوں راستے موجود ہیں۔ معاشی مشکلات، سیاسی کشیدگی، ادارہ جاتی تنا، بڑھتی ہوئی بے روزگاری، تعلیم کے مسائل اور نوجوانوں میں پھیلتی ہوئی بے یقینی نے قومی فضا کو متاثر کیا ہے۔ بظاہر ایسا

ارشد انور خان خٹک

محسوس ہوتا ہے کہ مسائل کی فہرست بہت طویل ہے، مگر تاریخ گواہ ہے کہ قومیں صرف مسائل سے نہیں بلکہ ان کے حل تلاش کرنے کی صلاحیت سے زندہ رہتی ہیں۔ پاکستان بھی اس اصول سے مستثنیٰ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کا بحران صرف معاشی یا سیاسی نہیں بلکہ اعتماد کا بحران ہے۔ سیاست دان اسٹیبلشمنٹ پر اعتماد نہیں کرتے، اسٹیبلشمنٹ سیاسی قیادت سے مطمئن نہیں جبکہ نوجوان دونوں سے مایوس نظر آتے ہیں۔ جب کسی ملک کے اہم ستون ایک دوسرے پر اعتماد کھو بیٹھیں تو ترقی کا سفر سست پڑ جاتا ہے۔ اس لیے پاکستان کے مسائل کا آغاز بھی اعتماد کی کمی سے ہوا اور ان کا حل بھی اعتماد کی بحالی میں پوشیدہ ہے۔

سیاسی جماعتوں کو سب سے پہلے یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ جمہوریت صرف انتخابات کا نام نہیں بلکہ برداشت، مکالمے اور قومی مفاد پر اتفاقِ رائے کا نام ہے۔ گزشتہ کئی دہائیوں میں سیاسی جماعتوں نے ایک دوسرے کو کمزور کرنے پر زیادہ توجہ دی جبکہ قومی پالیسیوں کے تسلسل کو نظرانداز کیا گیا۔ نتیجتاً ہر نئی حکومت نے پچھلی حکومت کی پالیسیوں کو بدلنے کی کوشش کی اور ملک مسلسل عدم استحکام کا شکار رہا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام بڑی سیاسی جماعتیں معیشت، تعلیم، صحت، خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی جیسے بنیادی معاملات پر کم از کم دس سے پندرہ سالہ قومی اتفاقِ رائے پیدا کریں تاکہ حکومتوں کی تبدیلی سے قومی سمت تبدیل نہ ہو۔ اسٹیبلشمنٹ بھی پاکستان کے ریاستی ڈھانچے کا ایک اہم ستون ہے۔ قومی سلامتی، سرحدوں کے دفاع اور استحکام میں اس کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں۔ تاہم جدید دنیا میں ریاستوں کی طاقت صرف عسکری قوت سے نہیں بلکہ مضبوط معیشت، موثر اداروں اور عوامی اعتماد سے بھی ناپی جاتی ہے۔ اس لیے تمام اداروں کے درمیان آئینی حدود اور باہمی احترام کا فروغ قومی استحکام کیلئے ناگزیر ہے۔

جب ہر ادارہ اپنی ذمہ داریوں پر توجہ دیتا ہے تو ریاست زیادہ مضبوط اور موثر بنتی ہے۔

☆☆

چینی جدیدیت میں پاکستان کہاں کھڑا ہے؟

چینی جدیدیت (ModernizationChinese) بین الاقوامی سیاست میں ایک اہم اصطلاح بن چکی ہے۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی (CPC) کی قیادت میں چین یہ مؤقف اختیار کرتا ہے کہ چینی جدیدیت سوشلسٹ ترقی کے راستے کی پیروی کرتی ہے۔ چین مارکسی اصولوں اور اپنے تاریخی تجربات کو بروئے کار لاتے ہوئے انسانی تہذیب کا

تحریر :- ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ

ایک نیا نمونہ متعارف کرا رہا ہے اور انسانی ترقی کو فروغ دے رہا ہے۔ نوبیل انعام یافتہ ماہرِ معاشیات مائیکل اسپینس کے مطابق

چینی طرزِ جدیدیت ترقی پذیر ممالک کو صنعتی ترقی اور معاشی نمو حاصل کرنے کا ایک متبادل ماڈل فراہم کرتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ چینی جدیدیت میں پاکستان کہاں کھڑا ہے؟

سی پیک 2.0 پاکستان کو صنعتی ترقی اور جدیدیت کی جانب بڑھنے کا ایک سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔ سی پیک کے پہلے مرحلے میں سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے اور توانائی کے شعبے پر توجہ دی گئی تھی، جبکہ سی پیک 2.0 میں بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی، جدت، پائیداری، معاشی تبدیلی اور جامع ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقبل جدت اور علم پر مبنی معیشت کا ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ سی پیک 2.0 جدت طرازی کے لیے نئی راہیں ہموار کر رہا ہے اور اسے 5Es فریم ورک یعنی برآمدات (Export)، ای پاکستان (Pakistan-e)، توانائی (Energy)، ماحولیات (Environment) اور مساوات (Equity) کے گرد ترتیب دیا گیا ہے۔

غربت کے خاتمے میں چین کی کامیابی کا راز خصوصی اقتصادی زونز (SEZs)، ڈیجیٹل تبدیلی، قابلِ تجدید توانائی اور تکنیکی ترقی میں پوشیدہ ہے۔ چین کا پہلا خصوصی اقتصادی زون 1980 کی دہائی میں شین ژین شہر میں قائم کیا گیا تھا، جو آج سالانہ 550 ارب ڈالر سے زائد قومی جی ڈی پی میں حصہ ڈالتا ہے۔ شین ژین کا خصوصی اقتصادی زون اس صدی کا ایک معاشی معجزہ تصور کیا جاتا ہے، جبکہ پاکستان کی مجموعی جی ڈی پی تقریباً 380 ارب ڈالر ہے۔

اگر پاکستان فعال اور دوراندیش حکمتِ عملی اپنائے تو وہ چین کے تجربات سے سیکھتے ہوئے سی پیک 2.0 کے تحت خصوصی اقتصادی زونز کو وسعت دے سکتا ہے اور صنعتی ترقی کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ علم پر مبنی معیشت اور ڈیجیٹل پاکستان کے فروغ کے لیے پاکستان کو چین کے ساتھ ڈیجیٹل تبدیلی، فائیو جی انفراسٹرکچر، مصنوعی ذہانت (AI)، بایوٹیکنالوجی، ٹیکنالوجی پارکس اور فِن ٹیک کے شعبوں میں تعاون بڑھانا ہوگا۔ سی پیک 2.0 سماجی شمولیت، زرعی جدیدیت، مہارتوں کی ترقی، تعلیم، صحت اور سبز توانائی کے منصوبوں کو فروغ دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ مجموعی طور پر یہ اقدامات معاشی ترقی کو یقینی بنائیں گے جس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں گے۔

زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، جو قومی جی ڈی پی میں 23 فیصد حصہ ڈالتی ہے اور 37.4 فیصد افرادی قوت کو روزگار فراہم کرتی ہے۔ دوسری جانب چین سالانہ تقریباً 140 ارب ڈالر کی زرعی مصنوعات درآمد کرتا ہے، لیکن حیران کن طور پر پاکستان کا اس میں حصہ صرف 2.4 ارب ڈالر ہے۔ چونکہ چین دنیا کی سب سے بڑی درآمدی اور برآمدی منڈیوں میں شمار ہوتا ہے، اس لیے پاکستان کو چینی مارکیٹ میں زیادہ طلب رکھنے والی مخصوص زرعی مصنوعات پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔

پاکستان کی زرعی پیداوار علاقائی حریف ممالک کا مقابلہ نہیں کر سکتی، جس کی بنیادی وجہ زرعی جدیدیت کا فقدان ہے۔ پاکستان میں گندم کی فی ایکڑ پیداوار اوسطاً 2400 سے 2500 کلوگرام ہے، جبکہ بھارت میں یہ شرح 4500 سے 5000 کلوگرام فی ایکڑ تک پہنچ جاتی ہے۔ زیادہ پیداوار کے لیے جدید زرعی ٹیکنالوجی اور اعلیٰ معیار کے بیج ناگزیر ہیں۔ اس ضمن میں بایوٹیکنالوجی، بیجوں کی جینیاتی تحقیق، پریسیژن فارمنگ اور جدید زرعی تحقیق میں چین کے ساتھ تعاون زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے۔

چین کی زرعی حیاتیات اور بیجوں کی تیاری میں پیش رفت پاکستان کی فصلوں کی پیداوار بڑھانے میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔ زرعی جدیدیت کے لیے کسانوں کی تعلیم و تربیت کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ جدید زرعی مشینری، مالیاتی آگاہی، کسانوں کی مہارتوں میں اضافہ، ٹیکنالوجی کے استعمال کے پروگرام، بارش کے پانی کا ذخیرہ اور ڈرپ اریگیشن جیسے اقدامات ناگزیر ہیں۔ ڈاکٹر ارم بتول کے مطابق "پاکستان میں طویل المدتی غذائی تحفظ کے لیے موسمیاتی لحاظ سے ذہین زراعت (Smart-Climate Agriculture) اور موسمیاتی مزاحمت رکھنے والی فصلیں ناگزیر ہیں۔"

رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ بلوچستان 1 کروڑ 17 لاکھ 70 ہزار ایکڑ غیر آباد زمین کا مالک ہے، جو تقریباً سوئٹزرلینڈ کے رقبے کے برابر ہے۔ یہ زمین زرعی جدیدیت کے تناظر میں صوبے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ آبپاشی کے جدید نظام، زیتون کی کاشت، زرعی زونز اور سی پیک فیز 2.0 کے تحت زرعی برآمدات بلوچستان کو ایک نئی معاشی جہت دے سکتے ہیں۔ صوبے کی 70 فیصد سے زائد آبادی دیہی علاقوں میں رہتی ہے اور اس کا انحصار زراعت اور لائیو اسٹاک پر ہے۔ ان شعبوں کی جدید خطوط پر ترقی دیہی خوشحالی، روزگار کے مواقع، شدت پسندی میں کمی اور سماجی استحکام کے فروغ کا باعث بن سکتی ہے۔

اگرچہ پاکستان عالمی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں صرف ایک فیصد حصہ ڈالتا ہے، تاہم یہ موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے سات ممالک میں شامل ہے۔ تشویش ناک امر یہ ہے کہ صدی کے وسط تک موسمیاتی تبدیلی پاکستان کی جی ڈی پی میں پانچواں حصہ تک کمی کا باعث بن سکتی ہے۔ صرف 2022 کے سیلابوں نے 32 ارب ڈالر سے زائد نقصان پہنچایا، برسوں کی ترقی کو متاثر کیا اور سی پیک سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد کو بھی خطرے سے دوچار کر دیا۔

یہ پاکستان کے لیے خوش آئند بات ہے کہ چین قابلِ تجدید توانائی اور گرین بیلٹ اینڈ روڈ اقدام میں عالمی رہنما کے طور پر ابھرا ہے۔ اگر پاکستان چین کے ساتھ موسمیاتی سفارت کاری کو فروغ دے تو وہ چینی سبز ٹیکنالوجیز سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ موسمیاتی سفارت کاری سبز ٹیکنالوجی، موسمیاتی مالیات، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور موسمیاتی لچک کے حصول کا ایک مؤثر ذریعہ بن سکتی ہے، جس سے موسمیاتی خدشات کو وسیع تر معاشی اور سکیورٹی تعاون کا مستقل حصہ بنایا جا سکے گا۔

چین الیکٹرک گاڑیوں (EVs) میں پہلے ہی عالمی رہنما ہے۔ وہ پاکستان کے ٹرانسپورٹ شعبے کو جدید بنانے اور نقل و حمل کے اخراجات کم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سی پیک فیز 2.0 کو ڈی کاربنائزیشن (Decarbonization) پر خصوصی توجہ دینی ہوگی، جس کے تحت کوئلے پر مبنی

منصوبوں سے بتدریج قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کی طرف منتقل ہونا ضروری ہے۔

کسی بھی قوم کا مستقبل صنعتی ترقی سے وابستہ ہوتا ہے۔ پاکستان ایک ابھرتی ہوئی درمیانی طاقت (PowerMiddle) کے طور پر صنعتی ملک بننے کی صلاحیت رکھتا ہے، جو اس کی معاشی اور عسکری قوت کو مزید مستحکم کرے گا۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (PIDE) کے مطابق خصوصی اقتصادی زونز پر مبنی صنعتی اج مستقبل قریب میں تقریباً 20 لاکھ براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔

اگر پاکستان چین کی صنعتی جدیدیت کے ماڈل، مثلاً ٹیکنالوجی لائسنسنگ، خصوصی اقتصادی زونز پر مبنی برآمدی پلیٹ فارمز اور مشترکہ سرمایہ کاری (Joint Ventures) کو اپنائے تو وہ خام مال فراہم کرنے والی معیشت کے بجائے عالمی ویلیو چینز کا مؤثر حصہ بن سکتا ہے۔

صنعتی ترقی کے تناظر میں بلوچستان ایک مرتبہ پھر مرکزی حیثیت اختیار کر جاتا ہے، کیونکہ پاکستان کے تقریباً 70 فیصد معدنی وسائل اسی صوبے میں واقع ہیں۔ سی پیک فیز 2.0 کے تحت بلوچستان کی نایاب معدنیات (Earth Rare Elements) کی صلاحیت کو ٹیکنالوجی کی منتقلی، صنعتی پراسیسنگ، خصوصی اقتصادی زونز میں مینوفیکچرنگ اور گوادر مرکز برآمدی رابطہ کاری کے ذریعے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

مختصراً، پاکستان کی ترقی کا انحصار چینی وعدوں سے زیادہ اس بات پر ہوگا کہ وہ سی پیک فیز 2.0 سے کس حد تک مؤثر انداز میں فائدہ اٹھاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات، جامع صنعتی ترقی اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط ترقیاتی حکمتِ عملی ناگزیر ہے، جو یقیناً عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائے گی۔

☆☆☆☆



بقیہ 1

تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہائیر ایجوکیشن، صحت، انسانی وسائل کی ترقی، تکنیکی تعاون اور سوشو اکنامک ترقی میں جاپان کی بھرپور مدد و تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے صوبہ کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں اسٹوڈنٹس کو سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، زراعت اور پبلک ایڈمنسٹریشن میں 20 سالانہ اسکالرشپ فراہم کرنے سے ہمارے نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے میں مدد دیگی۔ انہوں نے روزگار کے نئے مواقعوں اور جدید مہارتوں کو فروغ دینے کیلئے تکنیکی اور پروفیشنل ٹریننگ پروگرامز کیلئے جاپان سے تعاون اور رہنمائی فراہم کرنے پر زور دیا۔ مزید برآں، گورنر نے سرکاری یونیورسٹیوں کے مستحق طلباء کی معاونت کیلئے ایمپیسڈر اسکالرشپ کو بڑھانے کی تجویز پیش کی۔ گورنر مندوخیل نے بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس، یونیورسٹی آف لورالائی اور میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی میں سولر انرجی کے منصوبوں میں جاپان کی دلچسپی پر بھی شکریہ ادا کیا۔ مذکورہ کیمپسز کے روایتی بجلی کے نظام کو جدید سولر انرجی پر منتقل کرنے سے آپریشنل اخراجات کم ہونگے۔ صوبائی حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے گورنر مندوخیل نے جاپانی وفد کو مستقبل میں حفاظت کیلئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے تعلیمی رسائی، جدید تکنیکی مہارتوں اور قابل تجدید توانائی کے حل میں جاپان کی شراکت داری کو جاری رکھنے پر زور دیا جو بلوچستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کیلئے بہت ضروری ہیں۔

بقیہ 2

حساس قرار دیا گیا ہے جہاں سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کا قیام ہر صورت یقینی بنایا جائیگا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے، مؤثر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض انجام دیتے ہوئے سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی کیلئے پیشگی اقدامات، مؤثر نگرانی اور فوری ردعمل کے نظام کو فعال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا بروقت تدارک کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور اکابرین کا کردار نہایت اہم ہے اور ان کا تعاون قابل قدر ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ امن خراب کرنے، اشتعال انگیزی پھیلانے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو پرامن ماحول کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور سیکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، اسپیشل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام اچکزئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز حسین گورایہ سمیت متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 3

داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اے سی ایس داخلہ، اے سی ایس منصوبہ بندی و ترقیات سیکرٹری خزانہ، سیکریٹری آئی ٹی اور ڈی جی (بی ایس سی اے) سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان سیف سٹیز منصوبے سے متعلق بریفنگ دی گئی اس موقع پر بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی سے متعلق اہم ایجنڈا فیصلوں پر منظوری بھی دی گئی اجلاس کو بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کی اب تک کی مجموعی کارکردگی، آئندہ کے لائحہ عمل اور جدید کیمروں اور مصنوعی ذہانت کو استعمال میں لاتے ہوئے نگرانی اور سرویلنس کے عمل کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق بھی بریف کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ مالی سال سے بی ایس سی اے تمام مالی وانتظامی امور میں خودمختار ہوگا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ اتھارٹی میں بھرتیوں کے عمل کو مکمل طور شفاف رکھا جائے ایسی افرادی قوت کی بھرتی عمل میں لائی جائے جو مکمل میرٹ پر ہوانہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور جرائم کی روک تھام کے لیے اتھارٹی موثر میکنزم بنائے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ روابط کو اس حوالے مزید مربوط کیا جائے۔

بقیہ 4

مذاکرات مثبت اور تعمیری ماحول میں ہوئے، حوصلہ افزا نتائج اور اہم پیشرفت سامنے آئی، پاکستان پرامن اور دیرپا حل کیلئے ڈائیلاگ اور سفارت کاری میں اپنا مخلصانہ کردار جاری رکھے گا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ الحمدللہ ! اسلام آباد ایم او یو کے تحت پہلا اعلی سطح کا اجلاس کامیابی سے ختم ہوا، مذاکرات مثبت اور تعمیری ماحول میں ہوئے، حوصلہ افزا نتائج اور اہم پیشرفت سامنے آئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اجلاس میں اگلے 60 دن کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے روڈ میپ پر اتفاق کیا گیا، سیاسی نگرانی فراہم کرنے کیلئے ایک باقاعدہ اور مضبوط اعلی سطح کمیٹی بھی قائم کی گئی، مذاکرات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان مزید تکنیکی بات چیت کا باقاعدہ آغاز بھی کر دیا گیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ مسلسل تعمیری روابط کیلئے امریکا اور ایران دونوں کی قیادت کے عزم کو سراہتا ہوں، اس تاریخی عمل کو آگے بڑھانے میں تمام برادر اور دوست ممالک کے تعاون کا شکر گزار ہوں، مذاکرات کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے پر برادر ملک قطر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سوئس حکومت کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے مذاکرات کی میزبانی اور سہولت کاری کی، فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خصوصی خراج تحسین جن کی کوششوں سے کامیابی ملی، فیلڈ مارشل کا عزم اور انتھک لگن قابل تعریف ہے جس کے بغیر کوئی پیشرفت ممکن نہیں تھی۔

بقیہ 5

ذرائع کے مطابق ایرانی صدر کے دورہ پاکستان کے دوران ان کی سول اور فوجی قیادت سے ملاقات کا امکان ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایران کے صدر پاکستان کا شکریہ ادا کرنے کیلئے پاکستان کا دورہ کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ویری گڈ، وی لو پاکستان کہہ کر پاکستان کے سفارتی کردار کا اعتراف کیا تھا۔ برگن اسٹاک میں ایران سے مذاکرات کیلئے پہنچنے والے امریکی نائب صدر نے صحافی کے سوال پر پرجوش انداز میں پاکستان کے سفارتی کردار کا اعتراف کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں پاکستان سے محبت ہے، آپ نے جو کچھ کیا، اس کیلئے ہم آپ کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 6

اور مذاکراتی عمل سے وابستگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دوست ممالک کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے تاریخی عمل کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کیا جس کے نتیجہ میں مثبت اور تعمیری ماحول میں مذاکرات ہوئے اور حوصلہ افزا پیش رفت سامنے آئی، پاکستان پائیدار امن اور دیرپا حل کے حصول کیلئے مکالمے اور سفارت کاری کے فروغ میں اپنا دیانتدارانہ اور مخلصانہ کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیراعظم نے پیر کو ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ الحمدللہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے فریم ورک کے تحت پہلی اعلی سطحی کمیٹی کا اجلاس سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن سٹاک میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات مثبت اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوئے اور حوصلہ افزا پیش رفت سامنے آئی جس میں 60 روز کے اندر ایک حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے روڈ میپ پر اتفاق، سیاسی نگرانی فراہم کرنے کیلئے ایک اعلیٰ سطح کمیٹی کا قیام اور مزید تکنیکی مذاکرات کے آغاز کا فیصلہ شامل ہے

بقیہ 7

پر اتفاق کیا ہے، جو ثالثی کے عمل کیلئے سیاسی نگرانی فراہم کرے گی۔ پاکستان اور قطر کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق مرکزی مذاکرات کار باقاعدگی سے اس اعلیٰ سطح کی کمیٹی کو رپورٹ پیش کریں گے اور جوہری امور، پابندیوں اور مفاہمتی یادداشت کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے نگرانی اور تنازعات کے حل سے متعلق ورکنگ گروپس کی قیادت کریں گے، نیز دیگر امور پر بھی کام کریں گے۔ اعلامیے کے مطابق اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے 60 دن کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے ایک روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے، جو مزید تکنیکی مذاکرات کے فوری آغاز کی بنیاد فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ مفاہمتی یادداشت کے پیراگراف پانچ میں بیان کردہ مدت کیلئے فریقین کے درمیان ایک مواصلاتی رابطہ بھی قائم کیا گیا ہے تاکہ آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمدورفت کو یقینی بنایا جاسکے اور واقعات وغلط فہمیوں سے بچا جا سکے۔ واضح رہے کہ امریکہ، ایران مفاہمتی یادداشت کے پیراگراف نمبر پانچ میں درج ہے کہ اس یادداشت پر دستخط کے بعد ایران 60 دن تک بغیر کسی فیس کے آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کیلئے انتظامات کرے گا جبکہ آبنائے ہرمز میں بحری خدمات کے انتظامات کے مستقبل کے حوالے سے عمان کے ساتھ مکالمہ کرے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ فریقین نے ڈی ایسکلیشن سیل (تنازع کم کرنے والا سیل) بنانے پر اتفاق کیا ہے جو فریقین کے درمیان، لبنان کے ساتھ اور ثالثوں کی معاونت سے قائم کیا جائیگا تاکہ مفاہمتی یادداشت کے مطابق لبنان میں فوجی کارروائیوں کے خاتمے کی پابندی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اعلامیے کے مطابق تمام امور پر تکنیکی مذاکرات رواں ہفتے کے دوران برگن سٹاخ میں جاری رہیں گے، اس دوران ثالثی کرنے والے فریق مذاکرات کو تعمیری ماحول میں جاری رکھنے کیلئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے، تاکہ حتمی معاہدے تک پہنچا جا سکے۔ دوسری جانب میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے اور امریکا کی جانب سے ایران کو کچھ منجمد اثاثے جاری کر دیے گئے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بتایا کہ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں لبنان جنگ کے خاتمے کیلئے بڑی پیش رفت ہوئی ہے۔ سوئٹزرلینڈ میں ایران امریکا مذاکرات کے بعد قطر اور پاکستان کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کیلئے تیل اور پیٹروکیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں ختم کردی گئی ہیں۔ عباس عراقچی نے بتایا کہ ناکہ بندی اٹھالی گئی ہے اور کچھ منجمد اثاثے جاری کر دیے گئے ہیں اس سے پہلے ایرانی وزارت خارجہ نے بتایا کہ حتمی معاہدے کے آغاز کیلئے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی، بات چیت میں دوسرے فریق کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد سے متعلق اچھی پیش رفت ہوئی ہے۔ دریں اثناء ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کی ہے کہ سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہوگیا ہے، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے حوالے سے اعلامیہ قطر اور پاکستان کی جانب سے جاری کیا جائیگا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق آبنائے ہرمز میں جہازوں کی محفوظ آمدورفت کا میکانزم ترتیب دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق حتمی معاہدے کے آغاز کیلئے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی، بات چیت میں دوسرے فریق کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد سے متعلق اچھی پیش رفت ہوئی۔

بقیہ 8

کیا ہے جس کے تحت 21 اگست تک ایرانی خام تیل اور پیٹروکیمیکل مصنوعات کی ترسیل اور فروخت کی اجازت ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق واشنگٹن اور تہران کے درمیان گذشتہ ہفتے طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کے تحت، امریکہ نے ایرانی خام تیل، پیٹرولیم مصنوعات کی برآمدات کیلئے چھوٹ دینے پر اتفاق کیا تھا۔ امریکی محکمہ خزانہ کے اجازت نامے میں انشورنس، بینکنگ خدمات اور نقل وحمل کے لین دین کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔ اس لائسنس میں خام تیل، پیٹروکیمیکل مصنوعات اور ایران سے نکلنے والی پیٹرولیم مصنوعات کی امریکہ میں درآمد بھی شامل ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایکس پر لکھا تھا کہ ایرانی تیل اور پیٹروکیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں معطل کردی گئی ہیں، بحری ناکہ بندی ختم ہوگئی ہے اور کچھ منجمد اثاثے بھی جاری کردیے گئے ہیں

بقیہ 9

اسرائیل سے کچھ بھی توقع کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، اسرائیل اور افغانستان میں پاکستان دشمنی یکساں عنصر ہے، فلسطینیوں نے جو قربانیاں دی ہیں ان کا صلہ انہیں ضرور ملے گا، دیگر ممالک میں موجود یہودی اسرائیلی اقدامات کی مذمت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل امریکہ، ایران معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے، معاہدے کی کامیابی کی صورت میں نیتن یاہو کا سیاسی کیریئر ختم ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کیلئے بھارت دہشتگردوں کو اسلحہ فراہم کر رہا ہے، دہشتگردی کیخلاف ہمیں کوئی نہ کوئی حتمی فیصلہ کرنا پڑے گا، دہشتگردی کے خاتمے کے ساتھ ہمیں معاشی محاذ پر بھی کامیابی حاصل کرنی ہے

بقیہ 10

آبادی اس سے مستفید ہو سکے اور سیلاب سے متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی مؤثر بحالی کو یقینی بنایا جاسکے یہ تجویز پیر کے روز اسلام آباد میں منعقد ہونے والے IFRAP کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے گیارہویں اجلاس میں پیش کی گئی، جس کی صدارت وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ویڈیو لنک کے ذریعے اپنی ٹیم کے ہمراہ شریک ہوئے اجلاس کو بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں گھروں کی تعمیر اور بحالی کے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر بلوچستان حکومت کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا کہ منصوبے کیلئے مختص دستیاب وسائل کو انفرادی تعمیرات تک محدود رکھنے کے بجائے کمیونٹی انفراسٹرکچر، بشمول سڑکوں، آبنوشی، نکاسی آب، تعلیمی وصحت کی سہولیات اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں پر صرف کیا جائے تاکہ وسیع پیمانے پر متاثرہ آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے اجلاس میں حکومت بلوچستان کی تجویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ 11

آئل ٹینکرز ہرمز عبور کرتے ہوئے خلیجی پانیوں میں داخل ہوئے، دونوں بحری جہاز خلیجی ممالک سے 40 لاکھ بیرل تیل لوڈ کریں گے۔ میری ٹائم انفارمیشن سینٹر کے مطابق دو بحری جہاز 20 لاکھ بیرل تیل لیکر آبنائے ہرمز عبور کر چکے ہیں۔

بقیہ 12

اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے 10 مارچ 2026 سے نافذ تمام فیول کنزرویشن اور اضافی کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ تاہم 3 جون 2026 کو جاری کردہ کے تحت مقرر کردہ مارکیٹیں 9 بجے بند کرنے اوقات کار برقرار رہیں گے۔

بقیہ 13

،صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود اور گڈ گورننس سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ موجودہ حالات میں بلوچستان کی ترقی، سیاسی استحکام اور عوامی مسائل کے مؤثر حل کیلئے سیاسی قیادت کے درمیان قریبی رابطہ اور مشاورت ناگزیر ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کو صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، حکومتی اصلاحات اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت، مواصلات اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے مختلف منصوبوں پر عمل درآمد کر رہی ہے، جن کا مقصد بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان کی ترقی، سیاسی استحکام و وفاقی سطح پر صوبے کے مفادات کے تحفظ کیلئے اپنی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی جغرافیائی اور تزویراتی اہمیت کے پیش نظر سیاسی استحکام، مؤثر حکمرانی اور ترقیاتی عمل کا تسلسل انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ 14

پالیسیوں، مسلسل عوامی رابطوں اور حلقے کی ترقی و خوشحالی کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حاجی علی مدد جتک نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے اور ان کی قیادت میں علاقے میں ترقیاتی کاموں کا ایک نیا دور شروع ہوا ہے۔ حاجی علی مدد جتک نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور اور ہماری سیاسی جدوجہد کا محور ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی منصوبے جاری ہیں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

بقیہ 15

امن معاہدے کے بعد پاکستان میں ایرانی کرنسی کی طلب میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے قیمتیں بڑھنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق امن معاہدے کے بعد پاکستان میں شہریوں نے پانچ روز کے اندر 3 کھرب روپے مالیت کے ایرانی ریال خریدے جبکہ طلب بڑھنے کی وجہ سے اوپن کرنسی مارکیٹ میں ایرانی کرنسی کی قدر میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس بات کی تصدیق ایکسچینج ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک بوستان نے کی اور بتایا کہ گزشتہ پانچ روز کے دوران متوسط طبقے کی جانب سے ایرانی ریال کی خریداری میں بہت زیادہ اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے 2 ہزار روپے میں ایک کروڑ ایرانی ریال ملتے تھے جبکہ اب چار ہزار روپے میں ایک کروڑ ریال مل رہے ہیں

بقیہ 16

کے مطابق حملہ آوروں نے اہلکاروں کو نشانہ بنا کر ان کے قبضے سے تین سرکاری رائفلیں چھین لیں اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا، جبکہ حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 17

ایرانی حملے کے بعد بند کی گئی تنصیبات کو دوبارہ فعال کیا جا رہا تھا۔ قطر کی وزارتِ توانائی نے ایک بیان میں کہا کہ دھماکے میں 13 افراد جاں بحق اور 66 زخمی ہوئے ہیں۔ بیان کے مطابق پلانٹ کی برآمدی صلاحیت متاثر نہیں ہوئی اور نہ ہی ماحولیات کو کوئی خطرہ لاحق ہے۔ قطر کے وزیر توانائی سعد شریدہ الکعبی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج مجھے ایک ایسا اعلان کرنا پڑ رہا ہے جس کے بارے میں مجھے امید کی تھی کہ اس کی کبھی نوبت نہیں آئے گی، اور وہ یہ ہے کہ ہمارے 13 افراد جان کی بازی ہار گئے، جن کا تعلق بھارت اور پاکستان سے ہے۔ 66 افراد زخمی ہوئے ہیں جن کا علاج جاری ہے

بقیہ 18

ملزمان کو قتل اور دہشت گردی کے الزامات میں مجرم قرار دیا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ دونوں عمر قید کی سزائیں بیک وقت چلیں گی عدالت نے فیصلے میں کہا ہے کہ چونکہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے غیر قانونی اجتماع میں فعال شریک تھے اور مقتول ایف سی اہلکار شبیر احمد کے قتل کے مشترکہ مقصد میں شریک تھے لہٰذا دونوں ملزمان کو 'قتل عمد' کا مجرم قرار دیا جاتا ہے۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 302 ب، دفعہ 147 اور 148 کے تحت عمر قید کی سزا اور مقتول کے ورثا کو فی کس دو لاکھ روپے ادا کرنے کی سزا سنائی۔ فیصلے کے مطابق معاوضہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید چھ چھ ماہ قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے فیصلہ دیا کہ دونوں ملزمان بی وائی سی کے غیر قانونی اجتماع میں فعال شرکت انسداد دہشتگردی کی دفعہ 6 کے تحت دہشتگردی کی تعریف میں آتی ہے اسی لیے انہیں اسی ایکٹ کی دفعہ 7 اے کے تحت بھی مجرم قرار دیا جاتا ہے اور دونوں کو عمر قید کے ساتھ ساتھ دو دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی جاتی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ دونوں عمر قید کی سزائیں بیک وقت چلیں گی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ شاہ جی نے مقدمے کی کارروائی میں حصہ نہیں لیا اور ٹرائل کا بائیکاٹ کیا۔ عدالت نے کہا کہ دونوں ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے متعدد مواقع فراہم کیے گئے تاہم انہوں نے کارروائی میں شرکت سے انکار کیا۔ عدالت نے قرار دیا گیا کہ ملزمان کو دفاع کیلئے سرکاری وکیل مقرر کیا گیا تاہم ملزمان نے سرکاری وکیل سے بھی مشاورت نہیں کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ ملزمان کی دانستہ عدم شرکت مقدمے کو روکنے یا مؤخر کرنے کا جواز نہیں بن سکتی۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کی گئی میڈیکل رپورٹ، عینی شاہدین، مدعی مقدمہ اور تفتیشی افسر کے بیانات ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں اور ان میں ایسا کوئی بنیادی تضاد موجود نہیں جو مقدمے کو متاثر کرے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اگرچہ مقدمہ درج کرنے میں تقریباً سات گھنٹے کی تاخیر ہوئی تاہم حالات کے تناظر میں یہ تاخیر فطری تھی اور اس بنیاد پر استغاثہ کا مقدمہ مشکوک نہیں بنتا۔ عدالت نے مزید قرار دیا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی نہ تو ایک رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے اور نہ ہی کسی قانونی فریم ورک کے تحت تسلیم شدہ تنظیم۔ فیصلے کے مطابق آئین کا آرٹیکل 16 پرامن اجتماع کا حق دیتا ہے تاہم یہ حق قانون کے تحت عائد معقول پابندیوں سے مشروط ہے اور کوئی اجتماع اس وقت قانونی تحفظ سے محروم ہو جاتا ہے جب وہ پرامن اظہار کی حدود سے نکل کر غیر قانونی شکل اختیار کر لے۔ عدالت کے مطابق ایف سی اہلکار سرکاری فرائض انجام دے رہے تھے

بقیہ 19

کی مخدوش امن وامان کی صورتحال، سیاسی بے یقینی، معاشی تباہ حالی اور عوامی محرومیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان آج ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں عوام خود کو بے یار و مددگار، غیر محفوظ اور سیاسی طور پر تنہا محسوس کر رہے ہیں۔ بدقسمتی سے صوبے کے بنیادی سیاسی، معاشی اور قومی مسائل کو سنجیدگی سے حل کرنے کے بجائے مسلسل نظر انداز کیا گیا، جس کے نتیجے میں بدامنی، اضطراب، بے روزگاری اور احساس محرومی خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں مینڈیٹ کی بدترین پامالی، عوامی رائے کی توہین، اور حقیقی نمائندوں کو ایوانوں سے باہر رکھنے کے باعث اُن حلقوں کے بیانیے کو تقویت ملی جو برسوں سے یہ کہتے آرہے تھے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری اداروں اور پارلیمان میں موجود نہیں۔ جب عوام کے اصل نمائندوں کو دیوار سے لگایا جائے، سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے مصنوعی قیادت کو مسلط کیا جائے

بقیہ 20

نے حکومت کی تبدیلی سے متعلق خبروں کو قیاس آرائیاں قرار دے دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا کہ مشکل ترین حالات میں شہباز حکومت مشکل ترین حالات میں بہترین پرفارم کر رہی ہے، وزیراعظم چاہیں تو کارکردگی کی بنیاد پر کابینہ میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیلنجز اور مشکل ترین حالات میں وزیر اعظم بہترین انداز میں ملک چلا رہے ہیں، وفاقی وزرا کو کارکردگی کی بنیاد پر تبدیل یا فارغ کرنا وزیر اعظم کا اختیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی سے وفاقی بجٹ 24 جون کو منظور ہوگا، اتحادیوں سے بات ہوگئی ہے،

بقیہ 21

،سیاسی استحکام اور عوامی مسائل کے حل کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور امن کیلئے تمام متعلقہ حلقوں کو مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم ترین صوبہ ہے جس کی ترقی اور استحکام قومی ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل، روزگار کے مواقع کی فراہمی، تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے اجتماعی اور مخلصانہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کو ہر فورم پر موثر انداز میں اجاگر کیا جاتا رہے گا۔ ثناء اللہ بلوچ نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی بلوچستان کے عوام کیلئے خدمات اور پارلیمانی فورمز پر صوبے کے مسائل کو اجاگر کرنے کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 22

بلوچ پر سنگ باری کی جس کے نتیجے میں وہ شہید ہوگئے آج عدالت کی جانب سے ماہ رنگ لانگو اور ان کے ساتھیوں کو سزا سنائے جانے کے بعد حکومت بلوچستان کا یہ موقف درست ثابت ہوا ہے کہ پرامن احتجاج کی آڑ میں قانون کو ہاتھ میں لینے، تشدد کو فروغ دینے اور ریاستی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے عناصر درحقیقت دہشت گردی کے سہولت کار ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہید شبیر بلوچ کے قاتلوں کو سزا ملنے پر ان کے اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور انہیں یقین دلاتی ہے کہ شہید کے خون کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائیگا

بقیہ 23

شعبے کو ترجیح دی ہے اور ان کا یہ یقین ہے کہ ہمارا زرعی شعبہ ملکی معیشت کو مختصر مدت میں زیادہ فائدہ دے سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ زراعت صوبائی سبجیکٹ ہے تاہم وفاق فوڈ سکیورٹی کے حوالے سے اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا کر رہا ہے، وفاقی سطح پر پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور دیگر ادارے قائم ہیں جبکہ صوبوں میں بھی زرعی تحقیق کے ادارے موجود ہیں۔ زرعی شعبے کا درد ہم محسوس کر سکتے ہیں اور اس کے ازالے کیلئے جامع اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور بھارت کی مثالیں دی جاتی ہیں تاہم پاکستان نے موسمیاتی تبدیلیوں اور سیلاب کے چیلنجوں کے باوجود محدود وسائل کے ساتھ زرعی شعبے کیلئے جو اقدامات کئے ہیں وہ مثالی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ علاقائی بحران میں پاکستان فوڈ سکیورٹی کے حوالے سے سب سے محفوظ ملک تھا بحران کے دوران پاکستان نے رسد اور قیمتوں کی نگرانی کے ذریعے قیمتوں میں اضافہ نہیں ہونے دیا

بقیہ 24

پاکستان کی جانب سے شیئر کیا گیا ایران امریکہ مذاکرات کا مشترکہ اعلامیہ ایکس پر شیئر کر دیا۔ سوئٹزرلینڈ میں ایران امریکہ مذاکرات کے بعد قطر اور پاکستان کی جانب سے جاری مشترکہ اعلامیے پر ردعمل دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں لبنان جنگ کے خاتمے کیلئے بڑی پیشرفت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کیلئے تیل اور پیٹرو کیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں ختم کردی گئی ہے، اور کچھ منجمد اثاثے جاری کردیے گئے ہیں

بقیہ 25

ملاخیل نے کہا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے ہمیشہ عوامی مشکلات کو ترجیح دی ہے اور ہرممکن کوشش کی ہے کہ عوام پر معاشی بوجھ کم کیا جائے۔ موجودہ حکومت ملک کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک وقوم کی خدمت کے جذبے کے ساتھ دن رات کوشاں ہے۔

بقیہ 26

کے مطابق پیر کو دکی کی مقامی کوئلہ کان میں کام کے دوران اچانک مٹی کا تودہ گرنے سے ملبے تلے دب کر ایک کانکن میر ولی ولد خدائے نظر جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو ٹیموں نے نعش ملبے تلے سے نکال کر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی جاں بحق ہونے والے کانکن کا تعلق لورالائی سے بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 27

نہیں چھوڑیں گے، منشیات کا معاملہ 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد بڑی حد تک صوبائی دائرہ اختیار میں آچکا، صوبوں کو انسداد منشیات فورسز کے قیام کی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔ پیر کو قومی اسمبلی میں خطاب میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ کھوسہ صاحب کا کہنا ہے کہ کراچی کی پنکی وندناتی پھر رہی ہے، ایوان میں واضح کردوں پنکی کراچی کی ہو یا لاہور کی جو غلط کام کریگا اسے نہیں چھوڑیں گے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ وزیراعظم کی اجازت سے 500 مزید جوانوں کو انسداد منشیات فورس میں بھرتی کیا جائیگا، دہشت گردی کے خلاف جنگ صوبوں کے تعاون سے ہی جیتی جاسکتی ہے

بقیہ 28

کشمیر کاز کو عالمی فورمز پر موثر انداز میں اجاگر کرنے پر مشاورت متوقع ہے۔ رانا محمد قاسم نون نے محمود خان اچکزئی سے جلد ملاقات کیلئے وقت بھی مانگ لیا۔ خط میں قومی اہمیت کے امور پر محمود خان اچکزئی کے کردار کو سراہا گیا، کشمیر کے حق خود ارادیت کے مقف کو مضبوط بنانے کیلئے مشاورت کی تجویز دی گئی۔ دریں اثنا ہیومن رائٹس کونسل آزاد جموں کشمیر کے وفد نے محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی، وفد اپوزیشن چیمبر میں پہنچا۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی مجموعی سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی، عوام کے مطالبات سمیت وفاقی حکومت سے کیے گئے معاہدے پر بھی بات ہوئی۔ اعلامیے کے مطابق ملاقات میں اسد قیصر، شہرام ترکئی، عاطف خان اور اخوانزادہ حسین یوسفزئی بھی موجود تھے۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام نے مسئلہ کشمیر اور جمہوری وقومی حقوق کیلئے بے مثال قربانیاں دیں،

بقیہ 29

میں اضافی سزا بھی مقرر کی ہے، جس کے بعد مجموعی سزا 21 سال 5 ماہ بنتی ہے۔ استغاثہ کے مطابق ساجد احمد کو 30 نومبر 2025 کو ضلع پنجگور میں اس وقت گرفتار کیا گیا تھا جب وہ مبینہ طور پر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کی ترسیل میں ملوث تھا۔ سکیورٹی اداروں نے کارروائی کے دوران اس کے قبضے سے بیرونی ساخت کا جدید اسلحہ اور بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ تحقیقات کے دوران استغاثہ نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) سے وابستہ عناصر کا سہولت کار تھا اور مختلف سرگرمیوں میں معاونت فراہم کرتا رہا

بقیہ 30

پیش کرتے ہوئے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں ہسپتال کے طبی نظام، انتظامی امور اور سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری آئے گی اور مریضوں کو معیاری اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر انداز میں ممکن ہو سکے گی۔ ڈائریکٹر جنرل نے سکبدوش ہونے والے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر عرفان فائق زادہ کی ڈھائی سالہ شاندار خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دور قیادت میں ہسپتال نے نمایاں ترقی کی، جبکہ عوام کو جدید، معیاری اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی ایک اہم اور قابل قدر کامیابی ہے جو علاقے کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں۔ ملاقات کے دوران ہسپتال سے متعلق اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جن میں آئندہ مالی سال کیلئے مختص فنڈز کی بروقت فراہمی، نئی ایم آر آئی مشین کی تنصیب، اور بجلی و پانی کی بلاتعطل فراہمی جیسے بنیادی اور انتظامی مسائل شامل تھے۔

بقیہ 31

مثال ہے۔ عوام اور تاجر برادری یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ آخر ایسا کیسے ممکن ہے کہ اربوں روپے مالیت کا مال سرکاری قبضے میں موجود سامان اور گاڑیوں میں آگ بھڑک نے گھنٹوں کے اندر سب کچھ راکھ کا ڈھیر بن جاتا ہے اور واقعے کی آڑ میں حقائق کو چھپانے اور ممکنہ مالی بے ضابطگیوں کے تمام نشانات ختم ہوجاتے ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان کا واقعہ کوئٹہ کے لک پاس میں پیش آنے والے واقعے کی نوعیت یکساں ہیں۔ جہاں مال کی آتشزدگی کے بعد نہ کوئی شفاف تحقیقات ہوئیں نہ کسی ذمہ دار کو سزا ملی اور نہ ہی عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کیا گیا۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے واقعہ کو بھی کوئٹہ کی طرح دبانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کسٹم، ایکسائز اور دیگر متعلقہ فورسز کی جانب سے مختلف شاہراہوں پر قائم غیر قانونی چیک پوسٹوں پر عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو ہراساں کرنا، گاڑیوں اور ٹرکوں کو بلاجواز روکنا، تلاشی کے نام پر سامان کو نقصان پہنچانا، گاڑیوں سے ڈیزل نکالنا اور مبینہ طور پر بھتہ خوری کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ مائی خواہ سمیت مختلف مقامات پر ٹرکوں، مسافر گاڑیوں اور تجارتی سامان بردار گاڑیوں کو گھنٹوں روکا جاتا ہے، کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کیا جاتا ہے اور مبینہ طور پر بھتہ خوری اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی شکایات مسلسل سامنے آرہی ہیں۔

بقیہ 32

بے یقینی، بدامنی، لاقانونیت اور عوامی محرومیوں نے سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے اختیار کی جانے والی غلط پالیسیوں، طاقت کے بے جا استعمال اور عوامی مسائل سے چشم پوشی کے باعث نوجوانوں کا سیاست، جمہوریت اور ریاستی اداروں پر اعتماد کمزور ہوا ہے، جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام متعلقہ فریق سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات، جرگوں اور سیاسی عمل کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کریں تاکہ امن، استحکام اور ترقی کا راستہ ہموار ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے پورے بلوچستان میں ممبرسازی اور دعوتی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس مہم کا مقصد عوام، بالخصوص نوجوانوں، طلبہ، علماء کرام، خواتین، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک دیانت دار، نظریاتی اور عوامی سیاسی پلیٹ فارم پر متحد کرنا ہے تاکہ صوبے میں ظلم، ناانصافی، کرپشن، بے روزگاری اور محرومیوں کے خلاف مؤثر جدوجہد کی جاسکے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی تعصب، لسانیت، فرقہ واریت اور نفرت کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ اسلامی اقدار، جمہوری جدوجہد، آئین کی بالادستی، عوامی حقوق، شفاف طرز حکمرانی اور انصاف پر مبنی نظام کے قیام کیلئے مسلسل جدوجہد کررہی ہے

بقیہ 33

فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس کے علاوہ بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) اور ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری دستیاب سہولیات ادویات کی فراہمی، اور ہیلتھ اسٹاف کو درپیش مسائل پر بھی سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ورینڈر لعل نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے اسی مقصد کے حصول کیلئے ضروری ہے کہ تمام بنیادی مراکز صحت اور سرکاری ہسپتال مکمل طور پر فعال رہیں اور وہاں تعینات عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دے انہوں نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور متعلقہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹس اس بات کو یقینی بنائیں

بقیہ 34

فراہمی، ترسیل اور تقسیم کار کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اجلاس کے دوران مدثر ظفر کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کے حصے کے پانی کی عدم فراہمی کا معاملہ وفاقی سطح پر اسی کے اجلاس میں بھی اٹھایا گیا ہے۔ بلوچستان کو ملک بھر کے آبی ذخائر میں سے بمشکل 6450 کیوسک ہزار کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ جبکہ ہمارا حصہ 10700 کیوسک ہے اس طرح 40 فیصد شارٹ فال ہے جبکہ پٹ فیڈر کینال میں ضرورت 6700 کیوسک ہے جبکہ اس وقت 4583 کیوسک دیا جا رہا ہے اس طرح پٹ فیڈر کینال میں 32 فیصد شارٹ فال ہے

بقیہ 35

خان نے کی۔ کھلی کچہری میں امن و امان کے قیام، انسداد منشیات اور دیگر عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس اہم تقریب میں ضلعی انتظامیہ، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عام شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا میں ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک صالح، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ایڈووکیٹ علاء الدین، تاجران کمیٹی کے صدر فرید نواز، پے یوآئی کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ، سابق ڈی جی لیویز ممتاز قبائلی شخصیت میجر ریٹائرڈ محمد خالد کاشانی، سماجی رہنما ارباب عادل، تاجر کمیٹی کے نائب صدر لعل دوست، ممتاز سماجی شخصیت کشور نذیر، مولانا علی احمد اور مولانا عبدالحلیم شامل تھے

بقیہ 36

سرکاری ملازم کا الزامات سے باعزت بری ہونے پر اسکی ڈیوٹی سے غیر حاضری کی مدت کو ڈیوٹی پر گزارا گیا وقت تصور کیا جائیگا محکمانہ کارروائی اور فوجداری کارروائی کی نوعیت الگ الگ ہوتی ہیں۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ محکمانہ کارروائی کا پہلا مرحلہ انکوائری ہوتا ہے جس میں اظہار وجوہ کا نوٹس دیا جاتا ہے، شوکاز نوٹس کا مقصد الزام کا سامنے کرنے والے شخص کو جواب دینے کا موقع فراہم کرنا ہوتا ہے، محکمانہ کارروائی میں ثبوت کا معیار امکانات کا توازن ہے جب کہ فوجداری مقدمے میں استغاثہ کو شک وشبہ سے بالاتر جرم ثابت کرنا ہوتا ہے

بقیہ 37

ڈاکٹر حفیظ بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر فاروق بلوچ، سی ای او ڈی اے ایچ ہسپتال ڈاکٹر نصیر تیغ، ایکسین بی اینڈ آر اکرم رحیم، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی، ڈپٹی سی ای او عائشہ گرانٹ ہسپتال ڈاکٹر حمید بلوچ، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر نیوٹریشن پروگرام ڈاکٹر واحد بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع میں صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز، ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں دستیاب سہولیات، طبی آلات، ادویات کی فراہمی، انسانی وسائل اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف ایجنڈا نکات زیر غور آئے۔ شرکاء نے صحت کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کیلئے اپنی تجاویز بھی پیش کیں

بقیہ 38

مطابق پیر کے روز ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان و پیپلز پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کے ہمراہ ہری فارم ہاؤس حب میں نیشنل پارٹی ضلع حب کے صدر عبدالغنی رند نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے میونسپل کارپوریشن حب کی نشست پر ہونے والے الیکشن میں پیپلز پارٹی کی جانب سے چیئرمین کیلئے نامزد امیدوار کونسلر گل حسن محمد حسنی کی غیر مشروط حمایت کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی کا چیئرمین کے الیکشن کے حوالے سے گزشتہ روز ایک اجلاس ہوا تھا جس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان نے ایک کمیٹی قائم کیا اور کونسلران سے مشاورت کی گئی انہوں نے کہا کہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن کی خالی نشست پر آج ہونے والے الیکشن میں پیپلز پارٹی کے نامزد کردہ امیدوار گل محمد حسنی کی غیر مشروط اعلان کرتے ہیں اور نیشنل پارٹی کے کونسلران انہیں ووٹ دیں گے انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری کو علاقائی مسائل کے حوالے سے آگاہ بھی کیا گیا ہے

بقیہ 39

منصوبوں کی پیش رفت اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کلسٹر بجٹ، ضلعی ایکشن پلان، غیر فعال اسکولوں کی بحالی، پی ایس ڈی پی اور بی ایس ڈی آئی فیز-I کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں کی پیش رفت سمیت متعدد اہم ایجنڈا نکات زیر غور آئے۔ اجلاس میں اساتذہ اور عملے کی حاضری، غیر حاضری کی صورت میں تنخواہوں کی کٹوتی اور وضاحت طلبی کے معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء کو کنٹریکٹ اساتذہ اور SBK پروگرام کے تحت بھرتیوں کی پیش رفت، ایس ایل سی کی بھرتیوں کیلئے درخواستوں کی وصولی اور متعلقہ مراحل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی

بقیہ 40

شپ پروگرام کے لیے تحریری ٹیسٹ کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا، جس کی نگرانی ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) نے کی چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ (بیف) خالد ماندائی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور حکومت بلوچستان کی تعلیمی اصلاحات کی پالیسی کے تحت صوبے کے ذہین، باصلاحیت اور مستحق طلبہ و طالبات کو عالمی معیار کی اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایل ایل ایم اسکالرشپ پروگرام کا مقصد مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر ایسے ہونہار امیدواروں کا انتخاب یقینی بنانا ہے جو پاکستان بار کونسل سے منظور شدہ اور تسلیم شدہ غیر ملکی جامعات میں اعلیٰ قانونی تعلیم حاصل کر کے مستقبل میں ملک اور صوبے کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں

بقیہ 41

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی سمیت ایریگیشن، بی اینڈ آر، زراعت، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور ان کی مالی ادائیگیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ضلع بھر میں مجموعی طور پر 79 ترقیاتی اسکیمات زیر تکمیل ہیں جن منصوبوں کی تکمیل آخری مراحل میں ہے ان کی ادائیگیاں کر دی گئی ہیں جبکہ باقی ماندہ اسکیمات کی ادائیگیاں جولائی 2026ء میں کی جائیں گی ڈپٹی کمشنر نے محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری لائیں اور کارکردگی کو مؤثر بنائیں

بقیہ 42

روم مینجمنٹ، مؤثر ابلاغ اور طلباء کی بہتر رہنمائی سے متعلق جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا تاکہ وہ بدلتے ہوئے تعلیمی چیلنجز کا بہتر انداز میں سامنا کر سکیں۔ اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ محمد حبیب شجاع نے تقریب سے خطاب میں یونیورسٹی آف لورالائی اور AFAQ Foundation کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے اور اساتذہ اس نظام کا سب سے اہم ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل کی نسلوں کی بہتر تعلیم و تربیت میں سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی، انتظامیہ اور AFAQ Foundation کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس کامیاب پروگرام کو ضلع میں تعلیمی معیار کی بہتری، اساتذہ کی استعداد کار میں اضافے اور تعلیمی نظام کو مزید موثر بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا

بقیہ 43

بیدار کرنا اور معاشرے سے اس ناسور کے خاتمے کیلئے اجتماعی ذمہ داری کو اجاگر کرنا تھا۔ ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل نے کی۔ ریلی عبدالرحیم خان کلب سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتی ہوئی ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کرگئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایس ڈی پی او غلام اکبر، اینٹی نارکوٹکس فورس کے افسران، پولیس اہلکاروں، مختلف سرکاری محکموں کے نمائندگان، طلباء، اساتذہ، سماجی کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنے کیلئے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر نشے کے نقصانات اور اس کے خاتمے سے متعلق مختلف نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء نے منشیات کے خلاف بھرپور نعرے بازی بھی کی اور معاشرے کو اس لعنت سے پاک کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ منشیات ایک سنگین سماجی اور قومی مسئلہ بن چکی ہے جو نوجوان نسل کے مستقبل کو دیمک کی طرح چاٹ رہی ہے

بقیہ 44

اسکیموں کی بحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے پی پی ایچ ای آفیسر ضیاء الرحمٰن حریفال کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے عوامی خدمت کو ترجیح دیتے ہوئے پانی کے مسائل کے حل کے لیے دن رات محنت کی۔ ان کی کاوشوں سے متعدد علاقوں میں پانی کی فراہمی بہتر ہوئی ہے جس سے عوام کو کافی سہولت ملی ہے۔ عوام نے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ ترقیاتی کام جاری رہیں گے تاکہ ضلع شیرانی کے تمام علاقوں کو صاف پانی کی بہتر سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 45

تربت کے بجٹ سے منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران سینئر انجینئر نے میئر کو زیر تعمیر منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور تکمیل کے مراحل سے متعلق بریفنگ دی۔ میئر بلخ شیر قاضی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میونسپل کارپوریشن کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 46

آئین پاکستان کے آرٹیکل 10-اے کے تحت شفاف اور منصفانہ ٹرائل کے حق کا مطالبہ کر رہے ہیں، تاہم انہیں یہ بنیادی آئینی حق فراہم نہیں کیا جا رہا ہے۔ ایسے حالات میں سزا کا فیصلہ سنانا مجموعی طور پر مقدمے کی شفافیت اور منصفانہ عدالتی عمل پر سوالات کو جنم دیتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ آئین اور قانون ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا حق فراہم کرتے ہیں اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کیے بغیر کیے جانے والے فیصلے نہ صرف عوامی اعتماد کو متاثر کرتے ہیں بلکہ ریاستی اور عدالتی اداروں کی ساکھ پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان کے مسائل کو سنجیدگی، سیاسی بصیرت اور آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے سمجھنے اور حل کرنے کی ضرورت ہے۔ مسائل کے سیاسی حل مکالمے اور آئینی راستوں کو اختیار کرنا ہی دیرپا امن استحکام اور عوام کے اعتماد کی بحالی کی ضمانت فراہم کر سکتا ہے۔

بقیہ 47

سروس بک جنرل پوسٹ آفس (GPO) کے ذریعے رجسٹرڈ ڈاک سے متعلقہ دفتر ارسال کی تھی۔ بعد ازاں، جب اس نے اپنی اصل سروس بک کی واپسی کیلئے درخواست دی تو ڈی جی فنانس نے موقف اختیار کیا کہ سروس بک انہیں موصول نہیں ہوئی۔ درخواست گزار کے مطابق، اس نے متعدد بار متعلقہ حکام سے رابطہ کیا، تاہم نہ تو اسے اصل سروس بک واپس کی گئی اور نہ ہی پنشن کنٹری بیوشن کی مد میں واجب الادا رقم ادا کی گئی۔ متعلقہ اداروں کی عدم توجہی اور تاخیر سے مایوس ہو کر اس نے انصاف کے حصول کیلئے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا۔ درخواست موصول ہونے پر وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ شکایت کے ازالے کے حوالے سے کوئی تسلی بخش وضاحت پیش نہ کر سکا۔ جس پر وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو اس کی اصل سروس بک واپس کی جائے اور پنشن کنٹری بیوشن کی مد میں واجب الادا رقم فوری طور پر ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو اس کی اصل سروس بک واپس کردی اور پنشن کنٹری بیوشن کی مد میں 930,105 روپے مالیت کا چیک بھی اس کے حوالے کر دیا۔ بروقت اور منصفانہ داد رسی پر درخواست گزار عبدالجلیل نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 48

حاصل کرتی ہے تو تنازعات اور محاذ آرائی سے ممکن نہیں ہوتے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت مسلسل مذاکرات، مؤثر علاقائی روابط اور تعمیری سفارت کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ انہوں نے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی اُن کوششوں کو سراہا جو خطے میں امن، استحکام، باہمی اعتماد اور پرامن حل کے فروغ کیلئے کی جا رہی ہیں۔ سینیٹر کہدہ بابر بلوچ نے کہا کہ سفارت کاری کوئی ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل ہے، اور پاکستان نے ہمیشہ خطے میں کشیدگی کم کرنے، رابطوں کو فروغ دینے اور باہمی مفاہمت کیلئے ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی تیل اور پیٹروکیمیکل شعبے میں پابندیوں میں عارضی نرمی پاکستان کی کاروباری برادری کیلئے بھی ایک اہم موقع ہے کہ وہ نئے تجارتی امکانات کا جائزہ لے، علاقائی تعاون کو فروغ دے اور سرمایہ کاری و تجارت کے ذریعے قومی معیشت کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ 49

سیلابی صورتحال اور دیگر ہنگامی حالات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کا جائزہ لینا تھا اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے مون سون کے دوران کی جانے والی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر ممکنہ خطرات کی نشاندہی کرتے ہوئے ریلیف کیمپس کے قیام، متاثرہ علاقوں میں بروقت امدادی سرگرمیوں کی فراہمی، اور عوام کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے حوالے سے لائحہ عمل پر غور کیا گیا مزید برآں نکاسی آب کے نظام کو فعال اور مؤثر بنانے، نالوں اور ڈرینز کی صفائی کو یقینی بنانے کے لیے بھاری مشینری کی دستیابی، اور متعلقہ عملے کی تعیناتی جیسے اہم امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کے لیے تمام اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر محترمہ فریدہ ترین نے تمام متعلقہ محکموں کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ مون سون سیزن کے دوران عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہونی چاہیے

بقیہ 50

مصروف عمل ہے تاکہ عزاداران کو صاف، ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ محرم الحرام کے مقدس ایام میں عزاداران کو بہترین شہری سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور عملے کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ چیف آفیسر غلام سرور رند نے کہا کہ صفائی عملے کو ہدایت دی گئی ہے کہ عزاداری کے تمام روٹس پر صفائی، کچرے کی بروقت منتقلی اور نکاسی آب کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں اور عزاداران کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ صفائی برقرار رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور کچرا مقررہ مقامات پر ہی تلف کریں

بقیہ 51

بگٹی 4 جون سے لاپتہ ہیں اور تاحال ان کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں مل سکی، جس کے باعث پورا خاندان شدید ذہنی اذیت اور کرب میں مبتلا ہے انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور قبائلی عمائدین سے مطالبہ کیا کہ محمد اکبر شالوانی بگٹی کی بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ اہل خانہ کی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے اہل خانہ کا کہنا تھا کہ ان کی کسی تنظیم، گروہ یا فرد کے ساتھ کوئی قبائلی دشمنی یا تنازع موجود نہیں ہے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ اگر کسی شخص کے پاس محمد اکبر شالوانی بگٹی کے بارے میں کوئی معلومات ہوں تو وہ فوری طور پر متعلقہ اداروں یا اہل خانہ تک پہنچائے تاکہ طالب علم کی بحفاظت واپسی ممکن بنائی جا سکے اس موقع پر اہل خانہ نے قرآن پاک کو گواہ بنا کر اپنے بیٹے کی سلامتی اور جلد بازیابی کیلئے تمام بااختیار حلقوں سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے پیارے کی واپسی کے منتظر ہیں اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق فوری اقدامات کے خواہاں ہیں۔

بقیہ 52

کوئٹہ کے عوام کے لیے کوئی قابل ذکر منصوبہ یا حقیقی ریلیف نہیں رکھا گیا۔ بجٹ میں مساجد کو سولر سسٹم فراہم کرنے کے اعلانات تو کیے گئے ہیں، لیکن بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت کی سہولیات کی بہتری اور تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کے لیے کوئی مؤثر منصوبہ نظر نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بھی صرف پرانے وعدوں اور دعوؤں کو دہرایا گیا ہے، جبکہ آج بھی سرکاری ہسپتالوں میں مریض اپنی جیب سے ادویات خریدنے پر مجبور ہیں۔ اسی طرح گیس اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، ظالمانہ بلوں کا اجراء اور واپڈا کی جانب سے ٹرانسفارمروں کی مرمت اور تنصیب کے اخراجات عوام سے وصول کرنا معمول بن چکا ہے۔ تعلیمی اداروں کی حالت بھی تشویشناک ہے جہاں بنیادی سہولیات حتیٰ کہ صاف ستھرے واش رومز تک میسر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگاری کے عذاب میں مبتلا ہیں

بقیہ 53

ڈپٹی کمشنر ضلع حب نے وندر پریس کلب کے عہدیداروں سے پریس کلب کی عمارت کی تعمیرات کیلئے دس لاکھ روپے گرانٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے اور صحافیوں نے ہمیشہ علاقے کی بہتر انداز میں مسائل اجاگر کرکے ہمیں نشاندہی کرائی جس کی بدولت ہم عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ضلع حب جمعداد خان مندوخیل سے وندر پریس کلب کے عہدیداران صدر مہراللہ ابراہیم انگاریہ، جنرل سیکرٹری زبیر بلوچ، سینئر نائب صدر مہراللہ الفت، اقبال حسن انگاریہ، کامریڈ محمد سلیم بلوچ، محمد رفیق بلوچ، تنویر حفیظ ابوبی و دیگر نے ملاقات کی

بقیہ 54

کے حصول سے متعلق موصول ہونے والی مختلف درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں درخواست گزاروں کے کوائف، متعلقہ ریکارڈ اور دستاویزات کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی گئی، جس کے بعد قواعد و ضوابط اور قانونی تقاضوں کے مطابق فیصلے کیے گئے۔ کمیٹی نے اس امر کو یقینی بنانے پر زور دیا کہ صرف مستحق اور اہل افراد کو لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹس جاری کیے جائیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بختیار خان کا کڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوکل اور ڈومیسائل کے اجراء کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی درخواستوں کو بروقت نمٹایا جائے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ 55

اظہار انہوں نے ضلع پشین میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کے معائنے کے موقع پر متعلقہ حکام، انجینئرز اور عملے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انجینئر ندیم پانیزئی نے کہا کہ پینے کا صاف پانی ہر شہری کی بنیادی ضرورت اور قدرتی حق ہے، جس کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ عوام کو صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیار اور شفافیت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر آسکیں

بقیہ 56

ہوئے میہان خان عمرانی نے کہا کہ سال 2021 میں کلرک کالونی میں ایک پلاٹ خریدا تھا اور اس کے گرد چار دیواری بھی تعمیر کر رکھی تھی ان کا کہنا تھا کہ گرمیوں کے دوران کوئٹہ جانے کے بعد واپسی پر معلوم ہوا کہ نیشنل بینک کے منیجر عبدالمجید عمرانی اور استاد محمد صادق عمرانی نے مبینہ طور پر ان کے پلاٹ پر قبضہ کر کے اندر ایک کمرہ تعمیر کرلیا ہے اور وہاں اپنے افراد کو بٹھا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف ان کے پلاٹ پر ناجائز قبضہ کیا گیا ہے بلکہ مختلف ذرائع سے انہیں مسلسل دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں کہ وہ اس پلاٹ سے دستبردار ہو جائیں، میہان خان عمرانی کا کہنا تھا کہ میں ایک پرامن شہری ہوں اگر مجھے یا میرے اہل خانہ کو کسی قسم کا نقصان پہنچا تو اس کی تمام تر ذمہ داری ان افراد پر عائد ہوگی

بقیہ 57

ترجمان پولیس کے مطابق جیکب آباد سٹی، تھل اور گڑھی خیرو میں متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی سربراہی میں فلیگ مارچ کیا گیا، جس میں رینجرز اور پولیس کے جوانوں کی بھاری نفری نے شرکت کی۔ فلیگ مارچ شہر کی اہم شاہراہوں، بازاروں، امام بارگاہوں اور جلوس کے روٹس سے گزرا جہاں سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی جیکب آباد کا کہنا ہے کہ فلیگ مارچ کا مقصد عوام میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور شرپسند عناصر کو یہ پیغام دینا ہے کہ پولیس کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے الرٹ ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ضابطہ اخلاق پر عمل کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوراً پولیس کو دیں۔ مجالس اور جلوسوں کی سیکیورٹی کیلئے ضلع بھر میں گشت اور ناکہ بندی مزید سخت کردی گئی ہے۔

بقیہ 58

حق اور باطل کی قوتوں کے درمیان ایک عوامی ریفرنڈم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس تاریخی اجتماع نے وطن دشمن اور جمہوریت مخالف قوتوں پر یہ حقیقت آشکار کردی ہے کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کے ذریعے ان کی آواز کو خاموش نہیں کیا جاسکا، بلکہ ان کے مقدس خون نے ایسے چراغ روشن کیے ہیں جن کی روشنی پورے پشتون وطن اور محکوم اقوام کی جدوجہد کو توانائی اور سمت فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملی شہید عثمان خان کاکڑ کے لہو نے نوجوان نسل میں شعور، سیاسی بیداری، قومی احساس اور انقلابی جذبے کو مزید تقویت دی ہے۔ آج ہزاروں نوجوان ان کے فکر و فلسفے سے متاثر ہو کر قومی حقوق، جمہوریت اور انصاف کی جدوجہد میں سرگرم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باشعور نوجوان اپنی عظیمی قوت، سیاسی بصیرت اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے ہر قسم کی استحصالی اور جابرانہ قوتوں کا مقابلہ کریں گے۔ مختار خان یوسفزئی نے کہا کہ استعماری اور مقتدر قوتوں نے گزشتہ کئی دہائیوں سے اربوں روپے خرچ کرکے قومی شعور، جمہوری اقدار اور برحق قومی نظریات کو کمزور کرنے کی کوشش کی، مگر وہ اپنے عزائم میں ناکام رہے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ ظلم، جبر اور استبداد کی قوتیں ہمیشہ شکست سے دوچار ہوئی ہیں جبکہ حق، انصاف اور عوامی جدوجہد بالآخر کامیاب ہوتی ہے۔

بقیہ 59

دوران اسسٹنٹ کمشنر نے گاجی وارڈ میں نصب جدید واٹر سپلائی سسٹم کا معائنہ کیا اور اس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو صاف پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے نظام کی مستقل نگرانی کی جائے۔ بعد ازاں چلڈرن وارڈ میں BSDI پروگرام کے تحت نصب سولر انرجی سسٹم کا معائنہ کیا گیا، جہاں متعلقہ حکام نے منصوبے کی افادیت، پیداواری صلاحیت اور ہسپتال کی توانائی ضروریات میں اس کے کردار پر بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے منصوبے کو صحت کے شعبے میں توانائی کے پائیدار حل کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا اس موقع پر او پی ڈی بلاک میں نصب سولر سسٹم کا بھی جائزہ لیا گیا

بقیہ 60

وہ حاجی عبداللہ کاکڑ، حاجی جان محمد کاکڑ، حاجی عبدالرحمٰن کاکڑ اور حاجی عزیز الرحمٰن کاکڑ کے بھائی تھے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی ہاؤس نمبر A-8، چلتن ہاؤسنگ اسکیم ایکسٹینشن، کوئٹہ میں جاری ہے

بقیہ 61

سے محروم رہیں، مستقبل سے مایوس ہو جائیں اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ایسے المناک واقعات جنم لیتے ہیں جن کی ذمہ داری متعلقہ حکومتی پالیسیوں پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے حالیہ صوبائی بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں اور دیگر شعبوں کے لیے مختلف اعلانات تو کیے ہیں، تاہم صوبے کے لاکھوں بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کی فراہمی اور سرکاری ملازمتوں کے حوالے سے کوئی جامع اور واضح پالیسی سامنے نہیں لائی گئی، جو انتہائی افسوسناک امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان طبقہ اس وقت شدید بے چینی کا شکار ہے اور سرکاری محکموں میں ہزاروں خالی آسامیوں کے باوجود بھرتیوں کا مکمل تعطل کا شکار ہے۔

بقیہ 62

کے نائب صدر اگنازیو کاسیس نے لکھا کہ سوئٹزرلینڈ مفاہمت، مکالمے اور سفارتی ثالثی کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ سوئس وفاقی کونسل کے نائب صدر کے مطابق مفاہمتی یادداشت (MoU) پر عمل درآمد سے متعلق جاری مذاکرات میں پاکستان کے اہم کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ سوئٹزرلینڈ کشیدگی کی کمی، علاقائی استحکام اور دیرپا امن کے فروغ کیلئے ہرممکن تعاون اور سہولت کاری کیلئے تیار ہے۔

بقیہ 63

کے مقام پر اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں کوچ جل کر خاکستر ہو گئی تاہم گاڑی میں سوار درجنوں مسافر اور عملہ بروقت باہر نکل آنے میں کامیاب رہے جس کے باعث ایک بڑا انسانی سانحہ ٹل گیا۔ ذرائع کے مطابق متاثرہ کوچ ایرانی تیل کی ترسیل میں استعمال ہوتی ہے جو ایرانی بارڈر سے حب چوکی اور گرد و نواح میں تیل خالی کرنے کے بعد کراچی سے گوادر و ایرانی بارڈر کی جانب مسافروں کو لے کر روانہ ہوئی تھی۔

بقیہ 64

جھاڑیوں کی کٹائی محکمہ بی اینڈ آر کو سختی سے ہدایات جاری جلد رپورٹ فراہم کرنے کی تاکید کردی۔ ڈام وندر موضع ڈان میں پینے کے پانی کے مسائل حل اسکولوں کی مرمت اور سولرائزیشن سمیت وندر کے مختلف منصوبوں کے لئے BSDI میں فنڈ مختص کرنے کی یقین دہانی پریس کلب وندر کی عمارت کے لیے 10 لاکھ روپے گرانٹ کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز میونسپل کمیٹی وندر کے احاطے میں ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل کی سربراہی میں منعقدہ کھلی کچہری میں سیاسی سماجی شخصیات نے مسائل کے انبار لگا دیئے عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اسسٹنٹ کمشنر سیف علی مغل، چیئرمین امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجھ، سیکرٹری عنایت اللہ راٹھور، ضلعی چیف آفیسر عبدالخالق شاہوانی، ضلعی چیئرمین جاوید جمالی، چیف آفیسر عبدالبصیر، ڈی ڈی ای او شاکر حسین جاموٹ، ایس ایچ او وندر عبدالحق موسیانی، ڈی ایس پی محمد جان ساسولی، سیکرٹری عبدالمجید انگاریہ، سیکرٹری میر ساجد جاموٹ، چیئرمین عبدالواحد سوری، کونسلران دھنی بخش انگاریہ، غلام قادر انگاریہ و دیگر سمیت مختلف محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی امن وامان چوری ڈکیتیوں منشیات فروشی سمیت خصوصی طور پر سیٹلمنٹ وندر اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے حوالے سے شہریوں نے خوب شکایات کیں۔ جبکہ مسلحہ افراد کی زمینوں پر قبضے کے حوالے سے بھی شکایات پیش کی گئی اتائی ڈاکٹروں کی بھرمار کیخلاف ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ او حب نور بخش بزنجو کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ان کو اتائی ڈاکٹروں کے خلاف فوراً آپریشن شروع کریں اور رپورٹ پیش کریں۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر حب سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس کھلی کچہری سے کافی امیدیں وابستہ ہیں جس پر انہوں نے کہا کہ آپ نتیجہ خود دیکھیں گے واضح فرق آئے گا۔

بقیہ 65

میں عاشورہ کی مناسبت سے 25 اور 26 جون جمعرات اور جمعہ کو عام تعطیل ہوگی۔ عام تعطیل کا اطلاق صوبے میں پانچ اور چھ روز کام کرنے والے دفاتر پر بھی ہوگا۔

TENDER NOTICE

TSE-2526061106863 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION GAWADAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR & MAINTENANCE WORKS PUBLIC HEALTH ENGINEERING DIVISION GWADAR	19,850,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,895,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 08 July, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 08 July, 2026till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: PHE Colony Gwadar

Phone no: 0864210057Fax no: 0864210057

Email: kbakhsh51@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PHE DIVISION GAWADAR

PRQ No.5628/22-06-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی فضل قادر مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

ویٹرنری ہسپتال سنجاوی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا باقاعدہ افتتاح

صحت کے شعبے میں عوامی خدمت کے ایسے اقدامات نہ صرف لوگوں کی مشکلات میں کمی لاتے ہیں، شیر شاہ غلزئی

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ کی خصوصی کاوشوں اور عوامی فلاح کے جذبے کے تحت ویٹرنری ہسپتال سنجاوی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی سنجاوی حاجی خان محمد دومڑ، فوکل پرسن ضلع زیارت حاجی راز محمد خان دومڑ، نوجوان سیاسی رہنما ملک ایاز خان دومڑ، ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر نور ... ایڈووکیٹ عبدالناصر ترین اور اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی شیر شاہ غلزئی نے شرکت کرتے ہوئے کیمپ کا افتتاح کیا۔

کوئٹہ، ایڈ بلوچستان کے زیر اہتمام رائٹ ٹو انفارمیشن منصوبے کی اختتامی تقریب سے رکن اسمبلی رحمت صالح بلوچ، بلوچستان انفارمیشن کمشنر عبدالشکور ڈاکٹر ناشتاس، بہرام لہڑی، عادل جہانگیر، بہرام بلوچ اور دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

ڈاکٹر عفان فائق زادہ کا ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے سے ملاقات

جی ڈی اے صحت کے شعبے میں اصلاحات اور عوامی سہولیات کے فروغ کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا

گوادر (خ ن) جی ڈی اے پاک چین فرینڈ شپ ہسپتال، جو انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے زیر انتظام ہے، کے نئے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر ناصر شیخ اور سبکدوش ہونے والے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر عفان فائق زادہ نے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نے ڈاکٹر ناصر شیخ کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

عوام کے حقوق کا تحفظ اور کرپشن کا خاتمہ کیا جائے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ لک پاس اس طرح ڈیرہ اسماعیل خان میں کسٹم حکام کی تحویل میں موجود مال کی آتشزدگی کا واقعہ سراسر مشکوک اور بدعنوانی کی بدترین (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

حکومت تعلیم کے فروغ کو اولین ترجیح دے رہی ہے، ڈاکٹر عبدالشکور

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر عبدالشکور نے کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کے افسران، ترقیاتی اداروں کے نمائندوں، متعلقہ محکموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں تعلیمی شعبے کو درپیش چیلنجز، تعلیمی اداروں کی کارکردگی، ترقیاتی (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کی خالی نشست پر الیکشن آج ہوگا

حب (...) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کی خالی نشست پر الیکشن آج ہوگا ... (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت این جی اوز کے نمائندوں کا اہم اجلاس

تمام این جی اوز اپنی سرگرمیوں کو مؤثر شفاف اور نتیجہ خیز انداز میں جاری رکھیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت این جی اوز کے نمائندوں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا ...

ڈپٹی کمشنر استا محمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا ... اشتیاق، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی، ایکسین پی ایچ ای، (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل سول ہسپتال میں ڈاکٹر ماہ نور ناصر سے اظہار کیلئے لگائے گئے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

تحریری ٹیسٹ کے انعقاد میں شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کو اولین ترجیح دی گئی ہے، خالد مانڈائی

نوجوانوں کی تعلیم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں سرمایہ کاری ہی صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے

... (BEEF) کے زیر اہتمام فلی فنڈڈ ایل ایل ایم (LLM) اسکالر ... تعلیم دوست وژن اور صوبے کے نوجوانوں کو عالمی معیار کی اعلیٰ تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنے (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل تشدد، طاقت کے استعمال اور جبر میں نہیں، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

جرگوں، مذاکرات، مکالمے اور آئین و قانون کے دائرے میں باہمی افہام و تفہیم سے ممکن ہے

جماعت اسلامی نے پورے بلوچستان میں ممبر سازی اور دعوتی مہم کا آغاز کر دیا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل تشدد، طاقت کے استعمال اور جبر میں نہیں بلکہ جرگوں، مذاکرات، مکالمے اور آئین و قانون کے دائرے میں باہمی افہام و تفہیم سے ممکن ہے۔ انہوں نے یہ بات کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات اور گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ آج بلوچستان میں خوف، (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

چمن میں منعقدہ معرکہ حق تیراندازی چیمپئن شپ 2026 کا افتتاح

چمن (خ ن) ضلع چمن میں منعقدہ معرکہ حق تیراندازی چیمپئن شپ 2026 کا افتتاح معروف سماجی و قبائلی رہنما حاجی محمد صدیق اچکزئی نے کیا۔ چیمپئن شپ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلوں کے بعد ریڈ ڈریگن آرچری کلب چمن نے پہلی پوزیشن حاصل کر کے ٹائٹل اپنے نام کر لیا

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

تمام بنیادی مراکز صحت اور سرکاری ہسپتال مکمل طور پر فعال رہیں، وریندر لعل

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی، ڈی ایس ایم ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر خصوصاً دور دراز علاقوں میں عوام کو (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

چمن، بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور نئے اسکیمات کے آغاز سے متعلق اجلاس

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور نئے اسکیمات کے آغاز سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

سنجاوی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد دومڑ کی خصوصی ہدایت پر خان محمد دومڑ نے ویٹرنری ہسپتال سنجاوی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

الزامات سے بری سرکاری ملازم برخواستگی کے وقت سے مکمل تنخواہ کا حقدار ہوگا، سپریم کورٹ

ڈائریکٹوریٹ آف ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے پی پچھلی مراعات دینے کے بارے میں دو ماہ میں فیصلہ کرے

الزامات سے باعزت بری ہونے پر ملازم کی ڈیوٹی سے غیر حاضری کی مدت کو ڈیوٹی پر گزارا گیا وقت تصور کیا جائیگا، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ الزامات سے باعزت بری سرکاری ملازم اس مکمل تنخواہ کا حق دار ہوگا جو اسے برخاست یا معطل نہ کیے جانے کی صورت میں ملتی ہے۔ 8 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس محمد علی مظہر نے تحریر کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ سرکاری ملازم الزامات سے باعزت بری ہو جائے تو وہ اس مکمل تنخواہ کا حق دار ہوگا جو اسے برخاست یا معطل نہ کیے جانے کی صورت میں ملتی، (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے حصے کے پانی کے حصول کیلئے سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیر آباد کا گڈو بیراج کا دورہ

بلوچستان کے حصے کے پانی کی عدم فراہمی کا معاملہ وفاقی سطح پر ارسا کے اجلاس میں بھی اٹھایا گیا ہے

کشمور (خ ن) بلوچستان کے حصے کے پانی کے حصول کیلئے سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیر آباد مدثر ظفر کھوسہ کا گڈو بیراج کا دورہ، سندھ حکام سے اہم ملاقات کشمور گڈو بیراج پر سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے بلوچستان کے حصے کے پانی کے حصول اور نہری نظام سے متعلق امور کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے سندھ اریگیشن حکام سے ملاقات کی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر گڈو بیراج دھنیش کمار نے مدثر ظفر کھوسہ کو پانی کی (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

تمام طبی مراکز میں ڈاکٹروں اور عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر عبدالشکور

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر عبدالشکور کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال، طبی سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی کارکردگی اور درپیش مسائل کے حل سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں میر عبدالغفور ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

پنجگور ڈسٹرکٹ پولیس کے زیر اہتمام شہریوں کے مسائل کے فوری حل کیلئے کھلی کچہری

پنجگور (خ ن) پنجگور ڈسٹرکٹ پولیس کے زیر اہتمام شہریوں کے مسائل کے فوری حل کیلئے ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) سردار ایاز (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، پولیس فورس کو ہمہ وقت الرٹ رکھنے کیلئے سکیورٹی اقدامات مزید سخت

ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کی جانب سے کسی بھی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے، پبلک service کو بہتر بنانے اور پولیس فورس کو ہمہ وقت الرٹ رکھنے کیلئے سکیورٹی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) ہرنائی، انجینئر عبدالحفیظ جلبانی نے محرم الحرام کے فول پروف سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ضلع کے مختلف حساس اور اہم مقامات پر قائم پولیس چوکیوں کا تفصیلی اور سرپرائز دورہ کیا۔

لورالائی، چھ روزہ کپیسٹی بلڈنگ پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل

اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت میں سرمایہ کاری دراصل مستقبل کی نسلوں کی بہتر تعلیم و تربیت میں سرمایہ کاری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ضلع لورالائی کے اساتذہ کیلئے یونیورسٹی آف لورالائی اور Foundation AFAQ کے اشتراک سے منعقد ہونے والا چھ روزہ Capacity ProgramBuilding کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گیا، جو تعلیمی شعبے کی بہتری اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کی جانب ایک اہم اقدام ثابت ہوا۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد اساتذہ کو جدید تدریسی تقاضوں، مؤثر تدریسی حکمت عملیوں، کلاس (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

اے این ایف کے زیر اہتمام منشیات کے خلاف ایک بھرپور آگاہی ریلی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے زیر اہتمام منشیات کے خلاف ایک بھرپور آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا مقصد نوجوان نسل کو منشیات کے تباہ کن اثرات سے آگاہ کرنا، عوامی شعور (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

گنداخہ، امام بارگاہوں، مجالس اور جلوسوں کے مقامات پر صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات جاری

محرم الحرام کے مقدس ایام میں عزاداران کو بہترین شہری سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی خصوصی ہدایات پر ماہِ محرم الحرام کے دوران عزاداری کے روٹس، امام بارگاہوں، مجالس اور جلوسوں کے مقامات پر صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات جاری ہیں۔ میونسپل کمیٹی کا عملہ مرکزی شاہراہوں، گلی محلوں اور دیگر اہم مقامات کی صفائی میں دن رات (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

سینیٹر کہدہ بابر بلوچ کا ایرانی تیل پر پابندیوں میں عارضی نرمی کا خیر مقدم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر سینیٹر کہدہ بابر بلوچ نے ایرانی تیل اور پیٹروکیمیکل مصنوعات پر عائد پابندیوں میں عارضی نرمی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سفارت کاری وہ نتائج (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

آئین اور قانون ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا حق فراہم کرتے ہیں، نیشنل پارٹی

آئین اور قانون ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا حق فراہم کرتے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں بی وائی سی کی رہنما ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ شاہ جی کو عمر قید کی سزا سنائے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مذمت کی۔ بیان میں کہا گیا کہ ماضی میں بھی ایسے متعدد فیصلے سامنے آتے رہے ہیں جن کے سیاسی اور سماجی سطح پر منفی اور دوررس اثرات مرتب ہوئے، جن کے اثرات آج بھی محسوس کیے جا رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ سمیت دیگر رہنما (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

خواتین اور بچوں پر تشدد یا ان کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی ناقابل برداشت ہے، وزیر ناصر

خضدار (خ ن) خضدار ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر نے حالیہ پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی خواتین اور بچوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

خراب واٹر سپلائی اسکیموں کی بحالی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، عوامی حلقے

ضیاء الرحمن حریفال نے عوامی خدمت کو ترجیح دیتے ہوئے پانی کے مسائل کے حل کیلئے دن رات محنت کی

شیرانی۔ (بیورو چیف رفیق قیصرانی) ضلع شیرانی پی پی ایچ ای آفیسر ضیاء الرحمن حریفال کی بہترین کارکردگی ضلع شیرانی میں عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے آفیسر کی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔ محدود وسائل کے باوجود اور پی ایچ ای آفیسر مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کے منصوبوں کی نگرانی کا خراب واٹر سپلائی (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

محمد اکبر شالوانی بگٹی کی بازیابی کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، عبدالحفیظ شالوانی بگٹی

اپنے پیارے کی واپسی کے منتظر ہیں اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق فوری اقدامات کے خواہاں ہیں

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ڈیرہ مراد جمالی سے 4 جون سے لاپتہ ہونے والے شوران کالج کچھی کے طالبعلم محمد اکبر شالوانی بگٹی کی بحفاظت بازیابی کے لیے اہل خانہ نے قرآن پاک اٹھا کر پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکومت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام سے مدد کی اپیل کی ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لاپتہ طالبعلم کے چچا عبدالحفیظ شالوانی بگٹی، والد مہردل شالوانی بگٹی، والدہ اور دیگر اہل خانہ نے کہا کہ محمد اکبر شالوانی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، مون سون کنٹی جنسی پلان کے حوالے سے ایک اہم اور جامع اجلاس

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین کی زیر صدارت مون سون کنٹیجنسی پلان کے حوالے سے ایک اہم اور جامع اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کے تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کا مقصد مون سون سیزن کے دوران ممکنہ بارشوں، (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

درخواست گزار کو اصل سروس بک اور 930,105 روپے کی پنشن کنٹری بیوشن کی رقم ادا کر دی

بروقت اور منصفانہ دادرسی پر درخواست گزار عبدالجلیل نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار کو اصل سروس بک اور 930,105 روپے کی پنشن کنٹری بیوشن کی رقم ادا کر دی گئی درخواست گزار عبدالجلیل نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں دائر اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ وہ کیسکو میں بطور سیکیورٹی گارڈ خدمات انجام دیتا رہا ہے۔ اس نے پنشن کنٹری بیوشن کی ادائیگی کیلئے اپنی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میونسپل کارپوریشن کی اولین ترجیح ہے، بلخ شیر قاضی

تربت (خ ن) میئر میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی کا چیف آفیسر شعیب ناصر کے ہمراہ سری کہن قبرستان کی چار دیواری اور جوسک کلب میں کمرے کی تعمیراتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)



شیرانی، پانی کی فراہمی کے منصوبوں کیلئے ٹیوب ویلوں پر سولر پینل لگائے جا رہے ہیں

شوران کالج کچھی کے طالبعلم محمد اکبر شالوانی بگٹی کی بحفاظت بازیابی کے لیے اہل خانہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بجٹ میں کوئٹہ کے عوام کیلئے کوئی قابل ذکر منصوبہ یا حقیقی ریلیف نہیں رکھا گیا، مولانا توفیق

بلوچستان کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگاری کے عذاب میں مبتلا ہیں جبکہ حکومت ترقی اور خوشحالی کے دعوے کر رہی ہے

صوبائی بجٹ میں کوئٹہ کے عوام کے لیے کوئی قابلِ ذکر منصوبہ یا حقیقی ریلیف نہیں رکھا گیا، امیر جمعیت کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی بجٹ میں (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان کاکڑ کے والد حاجی غلام سرور خان کاکڑ انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ، شہید ایس پی جہانزیب خان کاکڑ اور ڈاکٹر عالم زیب خان کاکڑ کے والد حاجی غلام سرور خان کاکڑ مختصر علالت کے باعث بہ رضا الٰہی انتقال کر گئے۔ جبکہ (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بڑھتی بے روزگاری خطرناک ہے، پروفیسر حلیم صادق

بیروزگاری کے ہاتھوں نوجوانوں کی خودکشیاں حکومتی ناکامی کا ثبوت ہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور کوئٹہ میں ایک ہفتے کے دوران بے روزگاری اور معاشی مشکلات کے باعث تین نوجوانوں کی مبینہ خودکشی کے واقعات پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعات پورے معاشرے اور حکومتی اداروں کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب نوجوان تعلیم مکمل کرنے کے باوجود روزگار (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، ندیم پانیزئی

عوامی مفاد کے منصوبوں پر کوئی مداخلت برداشت نہیں ہوگا، پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ایکسین پشین

پشین (پ ر) ایکسین محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پشین انجینئر ندیم پانیزئی نے واضح کیا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی کوتاہی، غفلت یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ ان خیالات کا (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر آفس مختر میں لوکل و ڈومیسائل کمیٹی کا اہم اجلاس

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر مختر یحییٰ خان کاکڑ کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس مختر میں لوکل و ڈومیسائل کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لوکل اور ڈومیسائل (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر حب کا پریس کلب وندر کی عمارت تعمیر نو کیلئے 10 لاکھ روپے کا اعلان

صحافیوں نے ہمیشہ علاقے کی بہتر انداز میں مسائل اجاگر کر کے ہمیں نشاندہی کرائی، جمعداد خان مندوخیل

سونمیانی وندر (رپورٹ/ زبیر بلوچ) پریس کلب وندر کے صدر مہر اللہ ابراہیم انگاریہ، سینئر نائب صدر مہر اللہ الفت، جنرل سیکرٹری زبیر بلوچ کی سربراہی میں پریس کلب وندر کے صحافیوں کے وفد کی ڈپٹی کمشنر حب سے ملاقات ڈپٹی کمشنر جمعداد خان مندوخیل نے پریس کلب وندر کی عمارت تعمیر نو کے لیے 10 لاکھ روپے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

حبیب کوٹ میں 74.40 ملین روپے کی لاگت سے زیرِ تعمیر ڈبل اسٹوری اسکول عمارت کا تفصیلی دورہ

ناقص تعمیرات بدعنوانی یا کسی بھی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد، محمد رمضان پلال نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول حبیب کوٹ میں 74.40 ملین روپے کی لاگت سے زیرِ تعمیر ڈبل اسٹوری اسکول عمارت کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ہیڈ ماسٹر عابد علی جویا اور ایس ڈی او بلڈنگز عاشق علی بوہڑ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے عمارت کے جاری تعمیراتی کام کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور منصوبے میں استعمال ہونے والے میٹریل تکنیکی معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا

وزیر اعظم سے سوئس وفاقی کونسل کے نائب صدر کی ملاقات، پاکستان کے کردار کو سراہا

برگن اسٹاک (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے سوئس وفاقی کونسل کے نائب صدر اگناز یو کاسیس نے ملاقات کی اور امن عمل میں پاکستان کے کردار کو سراہا۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں سوئس وفاقی کونسل (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

میہان خان عمرانی کا اپنے پلاٹ پر مبینہ قبضے اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کیخلاف پریس کانفرنس

نہ صرف ان کے پلاٹ پر ناجائز قبضہ کیا گیا ہے بلکہ مختلف ذرائع سے انہیں مسلسل دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 26 کے رہائشی میہان خان عمرانی نے بااثر افراد کی جانب سے اپنے پلاٹ پر مبینہ قبضے اور جان سے مارنے کی دھمکیوں کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیر آباد میں پریس کانفرنس سے کرتے (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

وندر، ڈپٹی کمشنر ضلع حب جمعداد خان مندوخیل سے میونسپل کمیٹی آفس وندر پریس کلب کے عہدیداران پریس کلب کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت نے عاشورہ کے موقع پر دو عام تعطیلات کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے عاشورہ کے موقع پر دو عام تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق بلوچستان (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بردار کوچ میں خوفناک آتشزدگی، درجنوں مسافر معجزانہ طور پر محفوظ

تیل کی ترسیل میں استعمال ہونے والی کوچ واپسی پر مسافر لے جا رہی تھی

گوادر (این این آئی) مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بردار کوچ میں خوفناک آتشزدگی، درجنوں مسافر معجزانہ طور پر محفوظ، تیل کی ترسیل میں استعمال ہونے والی کوچ واپسی پر مسافر لے جا رہی تھی، شارٹ سرکٹ سے آگ لگنے کا دعویٰ تفصیلات کے مطابق مکران کوسٹل ہائی وے پر پیر کے روز کراچی سے ایرانی بارڈر جانے والی ایک مسافر بردار کوچ میں کنڈ ملیر (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: محرم الحرام میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے پولیس اور رینجرز کا فلیگ مارچ

ایس ایس پی فیضان علی کی ہدایت پر سٹی، ٹھل اور گڑھی خیرو میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، جلوسوں کے روٹس کا معائنہ

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلبانی) محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی کے احکامات پر ضلع بھر میں پولیس اور رینجرز کی جانب سے مشترکہ فلیگ مارچ کیا گیا۔ (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

ملی شہید عثمان کاکڑ کے لہو نے نوجوان نسل میں شعور، سیاسی بیداری، قومی احساس اور انقلابی جذبے کو مزید تقویت دی، مختیار یوسفزئی

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے قلعہ سیف اللہ میں ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی پانچویں برسی کے موقع پر منعقدہ عظیم الشان، تاریخی اور فقید المثال جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ عظیم اجتماع (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

مینجر ساؤتھ ایئر گوادر کا ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے سے ملاقات

آئندہ ماہ کے آغاز میں مکران کیلئے باقاعدہ پروازوں کا آغاز متوقع ہے، محمد سلیم

گوادر (خ ن) مینجر ساؤتھ ایئر گوادر محمد سلیم نے آج ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈائریکٹر جنرل کو ساؤتھ ایئر کی آپریشنل تیاریوں سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ ماہ کے آغاز میں مکران کیلئے باقاعدہ پروازوں کا آغاز متوقع ہے

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کا سول ہسپتال لورالائی کا تفصیلی دورہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے سول ہسپتال لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی اقدامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت کھلی کچہری میں عوام نے مسائل کے انبار لگا دیئے

نان کوالیفائی ڈاکٹروں کے خلاف فوراً آپریشن شروع کریں اور رپورٹ پیش کریں، جمعداد خان مندوخیل

سونمیانی وندر (رپورٹ/ زبیر بلوچ) ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل کی سربراہی میں منعقدہ کھلی کچہری میں مسائل کے انبار لگا دیئے گئے شہریوں کو درپیش تمام مسائل حل کریں گے یقین دہانی۔ NHA ڈبل روڈ اور وندر بائی پاس کے متاثرین کو گورنمنٹ رولز کے مطابق معاوضوں کی ادائیگی کی جائے گی۔ ڈام روڈ متاثرہ حصوں کی مرمت باندیکہ کنراج روڈ سے (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: محرم الحرام میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے پولیس اور رینجرز کا فلیگ مارچ

چمن، جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کیخلاف مشترکہ سرچ اور چیکنگ آپریشن

چمن میں امن و امان برقرار رکھنا پولیس کی اولین ترجیح ہے، اشفاق احمد

چمن (خ ن) شہر میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ایس ڈی پی او/ ڈی ایس پی چمن اشفاق احمد کی قیادت میں پولیس اور ایف سی فورسز نے شہر کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف مشترکہ سرچ اور چیکنگ آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران گاڑیوں سے کالے شیشے اتروائے گئے جبکہ مختلف مقامات پر سنیپ چیکنگ بھی کی گئی۔ پولیس اور ایف سی اہلکاروں نے مشتبہ افراد اور گاڑیوں کی جامع تلاشی لے کر سکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنایا۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او/ ڈی ایس پی اشفاق احمد نے کہا کہ چمن میں امن و امان برقرار رکھنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

وندر، سیاسی سماجی شخصیات و ماہی گیر رہنما ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل کی جانب سے منعقدہ کھلی کچہری میں عوامی مسائل بیان کر رہے ہیں